بلوچی زبان۔ گرائمر۔ بول چال

اثیر عبدالقادر شاہوانی

بلوچی اکیڈمی کوئٹہ

عدالت روڈ، کوئٹہ

(c) All rights are reserved.
اے کتاب ءِ درائیں حقّ گوں بلوچی اکیڈمی ءَ انت۔
بیدءَ اکیڈمی ءِ رضاءَ کسّ ایشی ءِ مواداں چاپ کُت نہ کنت۔

(انٹرنیٹ ایڈیشن)

نام کتاب	:	بلوچی زبان، گرائمر، بول چال
مصنف	:	اثیر عبدالقادر شاہوانی
اشاعتِ اوّل	:	2008
اشاعتِ دوئم	:	2014
پرنٹر	:	یونائیٹڈ پرنٹرز۔ کوئٹہ
قیمت	:	-/400روپے

ISBN:978-969-8557-52-2

انتساب

زبان سے سچی محبت
کرنے والوں کے
نام

ترتیب

1۔تقریظ..... 11

2۔سخنِ اوّل..... 17

3۔پیش لفظ..... 19

4۔بلوچی حروفِ تہجی..... 24

5۔بلوچی لہجے..... 25

6۔ضمائرِ شخصی..... 33

☆۔اشاراتی الفاظ..... 34

☆۔گفتگو..... 36

7۔ضمائرِ تاکیدی..... 38

☆۔اشاراتی الفاظ..... 39

☆۔گفتگو..... 40

8۔ضمائرِ موصولہ..... 42

☆۔اشاراتی الفاظ..... 44

☆۔گفتگو..... 46

9۔اسم اشارہ..... 47

☆۔اشاراتی الفاظ..... 48

☆۔گفتگو..... 50

10۔حروف استفہامیہ 52
☆۔اشاراتی الفاظ 52
☆۔گفتگو 53
11۔حروفِ اضافت 55
12۔حروف عطف 55
☆۔اشاراتی الفاظ 56
☆۔گفتگو 57
13۔مصادر 59
14۔ماضی مطلق 62
15۔مصادر سے بنائے گئے ماضی مطلق کے الفاظ 63
☆۔گردان ماضی مطلق 65
☆۔ماضی مطلق افعال کی صورت میں۔ 65
16۔ماضی قریب 69
☆۔گردان 69
☆۔بات چیت 69
17۔ماضی بعید 71
☆۔گردان 71
18۔ماضی شکیہ 72
☆۔گردان 72
19۔ماضی تمنائی 73
☆۔گردان 73

20۔فعل حال..... 74
☆۔گردان..... 74
21۔فعل حال جاری..... 76
☆۔گردان..... 77
22۔فعل مستقبل..... 77
☆۔گردان..... 78
23۔فعل امر 79
☆۔مصدر کا استعمال..... 79
24۔فعل نہی 80
☆۔مصدر کا استعمال..... 80
25۔فعل مثبت..... 81
☆۔بات چیت۔..... 81
26۔ فعل منفی..... 82
☆۔بات چیت۔..... 82
27۔ظرف زمان..... 83
☆۔بات چیت..... 83
28۔ظرف مکان..... 85
☆۔بات چیت..... 85
29۔حروفِ شرط..... 86
☆۔بات چیت..... 87
30۔خوش آمدید کے الفاظ..... 88

☆۔بات چیت..... 88
31۔دعائیہ فقرے..... 89
☆۔گفتگو..... 89
32۔کلمہ استعجاب..... 90
☆۔گفتگو..... 90
33۔نفرت کے الفاظ..... 91
☆۔بات چیت..... 91
34۔کلمہ ستائش..... 92
☆۔گفتگو..... 92
35۔حروفِ قسم..... 93
☆۔بات چیت..... 93
36۔حروف تاسف..... 94
☆۔بات چیت..... 94
37۔انسانی اوصاف/ خاصیت..... 95
☆۔گفتگو..... 96
38۔اسم صفت..... 97
39۔تذکیر وتانیث..... 100
☆۔انسانی تذکیرہ تانیث..... 100
☆۔حیوانات کی تذکیر وتانیث..... 101
40۔اعداد و شمار..... 103
41۔ترتیب..... 106
42۔کسر..... 108

☆۔بات چیت..... 108
43۔استغراق..... 109
44۔جمع و واحد..... 110
45۔جمع الوقت..... 111
46۔جمع المقدار..... 112
☆۔بات چیت.....112
47۔انسانی اعضاء..... 113
48۔عزیز واقارب..... 116
49۔انسانی عمر کا حساب..... 119
50۔اشیائے خورد و نوش..... 120
51۔منشیات اور متعلقات..... 123
☆۔الفاظ کا استعمال..... 124
52۔اجناس..... 125
☆۔بات چیت۔..... 126
53۔لباس..... 127
54۔زیورات اور آرائشی سامان..... 130
55۔ہتھیار..... 133
56۔سوزن کاری/کشیدہ کاری..... 135
57۔سماجی رسومات..... 137
58۔رنگوں کے نام..... 142
59۔گھر،گھریلو اشیاء..... 143
60۔گھریلو برتن..... 145

61۔اہل حرفت اور اہلکار 147
62۔آلات کار 148
63۔میوے 148
64۔سبزیاں 150
65۔اشجار 151
66۔گھاس پھونس اور دیگر جڑی بوٹیاں 153
67۔باربردار اور پالتو جانور 158
68۔جنگلی جانور 160
69۔پرندے 161
70۔کیڑے مکوڑے 163
71۔پالتو جانوروں کی عمریں اور متعلقہ باتیں 166
72۔جانوروں کی آوازیں 167
73۔متفرق چیزوں کی آوازیں 169
74۔فصلات اور کاشت کاری کی باتیں۔ 170
75۔آلات کشاورزی 175
76۔دھات اور معدنی اَشیاء 177
77۔زمین سے متعلق الفاظ 178
78۔کائنات سے متعلق الفاظ 179
79۔دن وقت اور پہر 181
80۔ماہ وسال 182
81۔موسم 184
☆۔بات چیت۔ 185

82۔ بیماریوں کے نام..... 187
83۔ عدالتی اور دفتری الفاظ..... 188
84۔ حال احوال..... 189
☆۔ حال احوال (بلوچی)..... 189
☆۔ حال احوال (اُردو)..... 191
☆۔ جوابی حال احوال (بلوچی)..... 193
☆۔ جوابی حال احوال (اُردو)..... 194
85۔ محاورے اور ضرب الامثال..... 195
86۔ بلوچی اصطلاحات..... 203
87۔ کہانی (قسمت پری) (بلوچی)..... 226
88۔ کہانی (قسمت پری) (اُردو)..... 229
89۔ جدید اصطلاحات..... 232
90۔ کتابیات..... 235

تقریظ

جناب اثیر عبدالقادر شاہوانی دنیائے علم وادب کی ایک ممتاز شخصیت ہیں۔ ان کی ادبی خدمات نہایت وقیع ہیں۔ بلوچی اور براہوئی پر ان کے بہت بڑے احسانات ہیں۔ یقیناً آنے والی نسلیں ان کی کاوشوں سے ہمیشہ استفادہ کرتی رہیں گی اور تحقیق وجستجو کرنے والے ان کی نگارشات سے رہنمائی حاصل کرتے رہیں گے۔

جناب اثیر عبدالقادر شاہوانی، میر میاں خان شاہوانی، کے ہاں کلی حسنی، ضلع مستونگ میں جون 1943ء میں پیدا ہوئے۔ مختلف مراحل میں ایم اے سیاسیات، ایل ایل بی اور بلوچی فاضل کے امتحانات پاس کئے اسی دوران تاریخ، ادب، ثقافت اور آثار قدیمہ سے متعلق تحقیقی کام بھی کرتے رہے۔ ان کی تحریریں ملک کے ممتاز جرائد ورسائل میں شائع ہوتی رہیں۔

آپ نے سرکاری ملازمت کا آغاز محکمہ، ولیج ایڈ میں بطور سیکرٹری کیا۔ 1958ء سے 1960ء تک محکمہ ولیج ایڈ میں جبکہ محکمہ بنیادی جمہوریت میں 1961ء سے 1970ء تک محکمہ لوکل گورنمنٹ میں 1971ء سے 1974ء تک بارڈ پبلسٹی آرگنائزیشن میں 1974ء سے 1980ء تک، اور وزارت اطلاعات ونشریات حکومت پاکستان میں 1981ء سے جولائی 1999ء تک خدمات سرانجام دیتے رہے۔ اور اسی محکمہ سے ریٹائر ہوئے۔

جناب اثیر عبدالقادر شاہوانی ملازمت کے ساتھ ساتھ علمی ادبی اور سماجی سرگرمیوں میں بھی ہمیشہ سرگرم رہے۔اور بیس سے زیادہ علمی ادبی اور سماجی اداروں سے وابستہ رہے۔جن میں بلوچستان اکیڈمی آف سائنسز کوئٹہ،بلوچی اکیڈمی کوئٹہ قلم قبیلہ ادبی ٹرسٹ، بلوچی براہوئی ادبی بورڈ کوئٹہ،براہوئی اکیڈمی کوئٹہ،بلوچستان فوٹوگرافک سوسائٹی کوئٹہ ،پاک ایران فرینڈ شپ سوسائٹی کوئٹہ ،ریسرچ اسکالر بلوچی براہوئی ڈیپارٹمنٹ یونیورسٹی آف بلوچستان، پبلک سیفٹی اینڈ کمپلینٹ کمیشن مستونگ،ممبر جنرل باڈی چلڈرن ہسپتال کوئٹہ،ایمنسٹی انٹرنیشنل پاکستان (کوئٹہ گروپ) ،سٹیزن میڈیا کمیشن آف پاکستان (بلوچستان چیپٹر) خصوصیت کے ساتھ قابل ذکر ہیں۔

ان کی صحافتی خدمات کا اندازہ درج ذیل اداروں میں مختلف عہدوں سے کیا جاسکتا ہے۔

سب ایڈیٹر زمانہ بلوچی کوئٹہ (1972ء تا1975)ایڈیٹر ماہنامہ اُلس بلوچی کوئٹہ(1976ء تا1987ء) چیف ایڈیٹر ماہنامہ احوال(براہوئی) خضدار (1975ء تا1979ء)۔رکن ادارتی بورڈ سہ ماہی قلم قبیلہ کوئٹہ،سرپرست ماہناہ اخبار بلوچستان کوئٹہ،معاون ایڈیٹر ماہنامہ الفلاح کوئٹہ کے علاوہ مختلف رسائل وجرائد میں شائع ہونے والے تحقیقی مضامین اور خصوصاً روزمانہ جنگ میں گوناگوں موضوعات پر فیچرز وآرٹیکلز،طویل عرصہ تک لکھتے رہے۔ ملازمت کے دوران گورنر مغربی پاکستان ملک امیر محمد خان ،وفاقی وزراء اور اعلی افسران کیطرف سے اعلیٰ کارکردگی کی 20 سے زائد اسناد اور انعامات حاصل کئے۔

جناب اثیر عبدالقادر شاہوانی ،بلوچی زبان وادب میں ممتاز مقام رکھتے ہیں۔بلوچی کے علاوہ براہوئی ادب میں نمایاں حیثیت کے حامل ہیں۔اگرچہ بہت

ساری زبانوں پر دسترس ہے۔لیکن آپ نے اپنی پوری زندگی بلوچی اور براہوئی زبانوں کی ترویج واشاعت کیلئے وقف رکھی ہے۔آپ کی تحقیقات سے اعلی تعلیمی اداروں کے طلباء وطالبات بطورٹیکسٹ استفادہ کررہے ہیں۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی کی یہ ٹیکسٹ کتاب ''بلوچی زبان،گرائمر اور بول چال'' جوحال ہی میں بلوچی اکیڈمی ریسرچ کمپلیکس کوئٹہ نے شائع کی ہے اثیر عبدالقادر شاہوانی نے اس کتاب کو بلوچی سیکھنے والوں کیلئے سائنٹفک اور تحقیقی طریقہ کار کے فنی اسلوب کو سامنے رکھ کر لکھی ہے یہ ٹیکسٹ بلوچی سیکھنے والے طلباء وطالبات کیلئے بلوچی بولنے اور سیکھنے سے لیکر لکھنے میں بھی آسان طریقہ سے سمجھانے میں صلاحیت رکھتی ہے۔ سیکھنے کے اس عمل میں کسی اور مواد مثلاً ڈکشنری اور گرائمر کا سہارا لینے کی ضرورت پیش نہیں آئے گی،کیونکہ مصنف نے تمام پہلوؤں کو مدنظر رکھ کر اسے تخلیق کیا ہے۔الفاظ کا انتخاب اور آسان پیرائے میں اُردو زبان میں ترجمہ فنی لحاظ سے ایک قابل تعریف کارنامہ ہے۔اس میں تلفظ،گرائمر اور سب سے اہم بات بلوچی سیکھنے کے عمل کے ساتھ ساتھ بلوچی زبان وادب،تہذیب وثقافت قاری کی معلومات میں اضافہ کا باعث ہیں۔ اس سے یہ اندازہ کرنا مشکل نہ ہوگا کہ اثیر عبدالقادر شاہوانی کی یہ کاوش ان کی بہترین صلاحیتوں کی عکاسی کرتی ہے کہ وہ خود کو طالبعلم کی حیثیت میں سیکھنے کا انداز اختیار کر کے اور ایک عالم وفاضل کی طرح سکھانے کے فنی اسلوب سے بخوبی واقف ہیں۔اس کتاب کے ابتدائیہ میں بلوچی زبان کی اہمیت اور تعلیمی اداروں میں اسکی افادیت کو بخوبی اُجاگر کیا گیا ہے۔تقریظ سے آپ اس ٹیکسٹ کے بارے میں اچھی طرح جائزہ لے سکتے ہیں۔ پیش لفظ میں اثیر عبدالقادر شاہوانی نے انسانی تہذیب اور بلوچی زبان وادب کی تاریخ کو تحقیقی نقطہ نگاہ سے جامع طریقہ سے بیان کیا ہے۔بلوچی حروف تہجی سیکھنے کے ساتھ

ساتھ مختلف زبانوں کے اثرات اور فوتک کو نہایت آسان پیرائے میں سمجھانے کی کوشش کی گئی ہے۔ جو پڑھنے اور سیکھنے کے شوق کو اُبھارنے میں مددگار ثابت ہوتی ہے۔ بلوچی لہجے میں حروف کی تبدیلی کو بھی آسان کر کے بتایا گیا ہے اسی طرح دیگر مختلف الفاظ کی تختی بھی مکمل بنائی گئی ہے۔ مشرقی لہجہ میں بعض الفاظ کو مختصر کر کے تلفظ کرنے اور مغربی لہجہ میں مستعمل ہونے کی صلاحیت علم میں اضافہ کا باعث ہے۔

ضمائر شخصی (اوزی نام) پڑھنے اور پڑھانے میں نہایت آسان ہیں۔ اسی طرح اشاراتی الفاظ بھی مکمل طور پر بنائے گئے ہیں۔ گپ وتران (بات چیت) جو زبان کے سیکھنے میں ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں، بالکل مکمل ہے ''چکاری نام بدل'' یعنی ضمیر موصولہ کو پڑھتے وقت میں سوچ میں پڑ گئی۔ کہ شاہد کچھ رہ گیا ہو لیکن اُن کی تحقیق اس معاملے میں بھی بالکل مکمل نظر آتی ہے ''جُستی نام بدل'' حروف استفہامیہ تمام خطے کے بلوچوں کے بولنے کے انداز اور تلفظ کو بخوبی اپنا کر لکھا ہے۔ حروف عطف کو اکثر بلوچی لکھنے والے بھی سمجھنے سے قاصر ہوتے ہیں۔ لیکن اس کو پڑھنے کے بعد لکھنے میں آسانی ہوسکتی ہے۔

گرائمر کو اتنا آسان لکھا ہے کہ اُردو گرائمر بھی آسان ہو کر سمجھ میں آجاتی ہے، گرائمر کی گردان کو بخوبی نبھایا ہے۔ بلوچی کے اعداد وشمار پر پوری طرح سے دسترس حاصل ہے۔ وقت ناپ تول بالکل صحیح ہیں۔ انسانی اعضاء (اوزار کے نام) رشتوں کے نام، زیورات اور آرائشی سامان کے نام، کشیدہ کاری کے اوزار اور نام، بلوچی رسم ورواج کے نام، رنگوں کے نام، گھر وگھرداری، سامان کے نام، گھریلو برتنوں کے نام، پیشوں اور پیشہ کرنے والوں کے نام اور اوزار، پھل، سبزیاں، انسانی اوصاف، خاصیت، انسانی تذکیر وتانیث، حیوانات کے تذکیر وتانیث، انسانی عمر کا حساب، عزیز

واقارب کے نام زیورات اور آرائشی سامان، جڑی بوٹیاں، اشجار، گھاس پھونس کے نام بالکل مکمل اور آسان طریقہ سے بیان کئے گئے ہیں پالتو جانور، جنگلی جانور، پرندے، کیڑے مکوڑے حتیٰ کہ پالتو جانوروں کی عمریں اور متعلقہ باتیں، جانوروں کی آوازیں، فصلات اور کاشتکاری کے اوزار، دھات اور معدنی اشیاء زمین سے متعلق الفاظ کو لانا دنگ کر دینے والی تحقیق ہے۔ موسم، بیماریاں، وقت اور پہر، دِن رات، بیماریوں کے نام، عدالتی اور دفتری الفاظ، حال واحوال کو جس تفصیل سے بیان کیا ہے وہ قابل ستائش ہے۔ محاورے ضرب المثال اور لوک کہانیاں پڑھنے کے بعد بلوچی زبان، تاریخ، تہذیب وتمدن اور بلوچوں کے کلچر سے متعلق بے بہا معلومات حاصل ہوتی ہیں۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی تحقیقی طریقہ کار کے فن سے بخوبی واقف ہیں۔ حوالہ کتابیات اس بات کی غمازی کرتی ہیں کہ انہوں نے 52 بلوچی، انگریزی اور اُردو کتابوں سے استفادہ کیا ہے اس ٹیکسٹ میں ایسی کوئی کمی نہیں ہے جس پر تنقیدی بحث کی جائے۔

آخر میں یہ کہوں گی کہ یہ ٹیکسٹ ''بلوچی زبان، گرائمر اور بول چال'' ایک جامع اور اپنی نوعیت کی منفرد کتاب ہے۔ یونیورسٹی آف بلوچستان میں شعبہ بلوچی کے توسط سے بلوچی زبان سکھانے کی تجویز وائس چانسلر کے سامنے پیش کی تو انہوں نے اس کو سراہا اور قبول بھی کیا۔ انشاء اللہ یونیورسٹی میں بلوچی سکھانے کا کام بہت جلد شروع کر دیا جائے گا۔ میں اس کتاب کو شام کے وقت بلوچی زبان سکھانے کے پروجیکٹ میں شامل کرنے کی تجویز پیش کرتی ہوں کیونکہ ابھی تک بلوچی زبان سیکھنے کیلئے جتنے بھی ٹیکسٹ تیار ہوئے ہیں۔ اس ضمن میں عبدالقادر شاہوانی کی یہ ایک بہترین اور منفرد کاوش ہے۔ اگر ہر بلوچی لکھنے اور پڑھنے والا اس طرح کی کاوش اور محنت کرے اور

بلوچی زبان کوسکھانے کے آسان سے آسان سائنسی طریقے ڈھونڈے تو وہ دن دور نہیں جب میری یہ خواہش پوری ہو کہ میں ٹیلیفون پر کمپوٹر ٹیپ بلوچی زبان میں سنوں۔ خدا کرے کہ ہر بلوچ رائٹر کے دل میں یہ خواہش پیدا ہو! اس دعا کے ساتھ کہ بلوچی مدام سبز بات''

2 جون 2009 بوقت 4 بجے شام

پروفیسر ڈاکٹر زینت شناء بلوچ
چیئرپرسن شعبہ بلوچی
یونیورسٹی آف بلوچستان کوئٹہ

سُخنِ اوّل

بلوچی اکیڈمی کی ایگزیکٹو باڈی کے اجلاس کے فیصلے کی روشنی میں بلوچی اور دوسری زبانوں کے حوالے سے ایسی کتب مرتب کی جائیں جن سے بلوچی سے دلچسپی رکھنے والے لوگ استفادہ کرسکیں۔اس تناظر میں بلوچی انگریزی ،بلوچی براہوئی، بلوچی سندھی ،بلوچی اُردو،بلوچی پشتو،بلوچی پنجابی،بلوچی عربی پر مشتمل بول چال کی کتابیں مرتب کی جائیں تا کہ بلوچوں کو دوسری زبانیں اور دیگر اقوام کو بلوچی سیکھنے اور سمجھنے کا ایک بہتر موقع فراہم ہو۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی صاحب کی بلوچی ''زبان،گرائمر وبول چال''اسی سلسلے کی ابتداء ہے اور انشاءاللہ دوسری زبانوں کے حوالے سے بھی بلوچی اکیڈمی کی طرف سے وقتاً فوقتاً ایسے مواد آتے رہیں گے۔

اس طرح کے کورسسز بلوچی اکیڈمی کی جانب سے اور انفرادی سطح پر الگ سے پہلے بھی متعارف ہوتے رہے ہیں۔جن میں آغا نصیر خان احمدزئی ،مولانا خیر محمد ندوی،حاجی عبدالقیوم بلوچ،سید ظہور شاہ ہاشمی،میر عاقل خان مینگل،پروفیسر عزیز بگٹی، ودیگر کی کاوشیں قابل ذکر ہیں اور ان کے علاوہ ماہنامہ بلوچی،نوکیں دور،ماہنامہ زمانہ نے بھی اس سلسلے میں قابل قدر خدمات سرانجام دی ہیں۔مگر لغت سازی کی طرح بول چال کی کتابیں بھی اِپ ڈیٹ ہوتی رہنی چاہئیں اور اسی نظریئے کے پیش نظر اثیر عبدالقادر شاہوانی صاحب نے اپنی زیر نظر کتاب مرتب کی ہے۔

بلوچی زبان وادب کی ترقی وترویج کیلئے کوشاں اپنی انفرادی جدوجہد سے اثیر عبدالقادر شاہوانی نے بہت سی کتابیں تحریر کی ہیں اور اپنا ایک منفرد ادبی مقام بنایا ہے۔تحریر وتصنیف کے مختلف موضوعات کو انھوں نے موضوع سخن بنایا ہے،اس طرح کے لوگ چند ہی ہوتے ہیں جن میں اثیر عبدالقادر شاہوانی صاحب کا نام ابتدائی ناموں میں شمار ہوتا ہے۔

اس طرح کے کام زبانوں کی وسعت کا باعث بنتے ہیں کیوں کہ الفاظ کے ذخیروں میں اضافہ ہوتا ہے،جملوں کی روانی مکمل ترتیب کے مراحل طے کرتی رہتی ہے، معیاری زبان کی طرف سفر کی جانب مزید قدم بڑھائے جاتے ہیں۔ بلکہ دفتری اور اکیڈمک معاملات میں زبان کیلئے حالات بھی سازگار ہوتے رہتے ہیں۔

بلوچی زبان ابتداء ہی سے سرکاری سرپرستی سے محروم رہی ہے فارسی، اُردو اور بعد میں اُردو اور انگریزی ایسی زبانیں رہی ہیں جو بلوچی کے متبادل کے طور پر بلوچ خطے میں مروج رہی ہیں۔اس عمل سے بلوچی زبان پر منفی اثرات مرتب ہوئے ہیں۔ ان منفی اثرات کا یکسر ازالہ تو نہیں ہوسکتا مگر ان کے اثرات کو یقیناً کم کیا جاسکتا ہے۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی کی اس کاوش کے بعد اس سلسلے میں مزید کتابیں لکھی جائیں گی مگر ایک بات طے ہے کہ جو بھی اس موضوع پر قلم آزمائی کرے گا،وہ زیرنظر کتاب سے نظریں نہیں چرا سکے گا۔

کوئٹہ 10 نومبر 2008

پروفیسر عبدالصبور بلوچ

چیئرمین،بلوچی اکیڈمی پبلشنگ کمیٹی

پیش لفظ

بین الاقوامی سروے کے مطابق اس کرہ ارض پر پانچ ارب سے زائد انسان آباد ہیں، جنہیں سیاسی طور پر عالمی پہچان کیلئے اکاسی (81) اقوام میں تقسیم کیا گیا ہے۔ اوراس طرح برطانوی بائبل سوسائٹی کے جائزے کے مطابق یہ تقریباً دوہزار تین سوزبانیں بولتے ہیں اور یہ زبانیں سات سوتین قسم کے حروف میں لکھی جاتی ہیں۔ مگر ان کوطرز تحریر کے اعتبار سے تین رخوں پر تقسیم کیا جاتا ہے۔ یعنی چینی کانجی اوپر سے نیچے رومن ناگری بائیں سے دائیں اورعربی اورطبرانی دائیں سے بائیں تحریر کی جاتی ہیں۔

بلوچی پاکستان کی قومی زبانوں میں سے ایک اہم زبان ہے جوصوبہ بلوچستان کے علاوہ سندھ اور پنجاب کے صوبوں میں بھی کثرت سے بولی جاتی ہے، جب کہ بیرون ملک افغانستان، مرو (روس) ایران، متحدہ عرب امارات، کویت، قطر اور بحرین میں بھی بلوچی بولنے والوں کی آبادیاں موجود ہیں۔ افریقہ، یورپ، کینیڈا اورامریکہ میں بھی بہت سے بلوچ خاندان آباد ہیں۔

1998 کی خانہ شماری کے مطابق پاکستان کے مختلف صوبوں اور علاقوں میں بلوچی بولنے والوں کے گھرانوں کی تعداد کا اندازہ نوے (۹۰) ہزار سے زیادہ ہے۔ اس طرح پاکستان میں بلوچ آبادی کا اندازہ تخمینہ اسی سے نوے لاکھ لگایا گیا ہے۔ ان کے علاوہ ایران، افغانستان گلف، ترکمانستان اورروس میں بھی بلوچوں کی آبادی کا تخمینہ 85 لاکھ ہے۔

مغرب کے بعض ماہرین لسانیات بلوچی کوہندوایرانی سمجھتے ہیں۔ برصغیر

کے اکثر ماہرین لسانیات بھی اس رائے کی تائید کرتے ہیں۔ اور بلوچی کو اوستائی زبان کی ایک شاخ کہتے ہیں۔ جب کہ لسانیات کے بعض ماہرین بلوچی کو فارسی سے زیادہ قدیم تصور کرتے ہیں۔

مستند بلوچی روایات کی رو سے بلوچی شاعری کی ابتداء 1450ء سے ہوئی اور بلوچی زبان کی تحریر کی ابتداء 1840ء کے بعد بلوچستان پر تسلط جمانے کے بعد انگریزوں نے اپنی انتظامی ضرورت کے تحت کی۔ یعنی 1840ء میں کپتان لیچ نے جرنل ایشیاٹک سوسائٹی بنگال میں بلوچی ادب سے متعلق بلوچی اشعار شائع کرائے۔ اور اس کے بعد انہوں نے انگریزی اور رومن رسم الخط میں صرف نحو، لغات اور بول چال کی کتابیں لکھیں اس سلسلے میں 1874 میں گلیڈسٹون نے ''بلوچی ہینڈ بک'' اور 1875ء میں ہتورام نے ''بلوچی نامہ'' مرتب کیا۔ 1877ء میں رجرڈ برٹن نے اپنے ''سفرنامہ سندھ'' کے مقالے میں تین بلوچی شعر شامل کئے۔ 1875ء سے 1880 تک لانگ ورتھ ڈیمز نے بلوچی کے جو اشعار جمع کئے تھے ان میں سے چند اشعار جرنل ایشیاٹک سوسائٹی میں شائع کئے گئے۔ 1891ء میں لانگ ورتھ ڈیمز نے بلوچی اشعار سے چند کہانیاں ترتیب دے کر ''بلوچی ٹیکسٹ بک'' شائع کروائی۔ 1904 میں لاہور سے ''دی بلوچ ریس'' شائع کی گئی۔ اسی طرح 1907ء میں لانگ ورتھ ڈیمز کی جمع کردہ بلوچی کلاسیکی شاعری کا کچھ حصّہ رومن رسم الخط میں لکھ کر لندن فوک لور سوسائٹی والوں نے گلاسکو یونیورسٹی پریس سے ''دی پاپولر پوئٹری آف دی بلوچز'' کے نام سے ایک ہزار کی تعداد میں شائع کی۔ اس کی مقبولیت کے پیش نظر 1907 میں رائل ایشیاٹک سوسائٹی نے اس کتاب کو دوبارہ شائع کی۔ جب کہ 1963 میں جسٹس میر خدا بخش مری نے اس کتاب کے مواد کو اُردو رسم الخط میں تبدیل کر کے اُردو ترجمہ کے ساتھ

''قدیم بلوچی شاعری'' کے نام سے شائع کیا اور جب 1917 میں فرنگیوں نے عیسائیت کی تبلیغ کے ساتھ ساتھ بائیل سوسائٹی پنجاب کے زیر اہتمام ''یوحنا'' کا بلوچی زبان میں ترجمہ کر کے شائع کیا تو اس اقدام کے خلاف مذہبی علماء نے ایک مزاحمتی محاذ بنایا اور کچھ تعلیمی مدارس قائم کئے۔ اس سلسلے کا پہلا مدرسہ ڈھاڈر (بولان) کے مقام پر قائم کیا گیا جو مکتبہ درخانی کے نام سے یاد کیا جانے لگا۔ مکتبہ درخانی میں بلوچی کتب کی اشاعت بھی شروع کی گئی اور یوں ایک مختصر عرصے میں قرآن مجید کے ترجمے کے ساتھ ساتھ بلوچی میں بہت سی دینی کتب کی اشاعت کا کام انجام دیا گیا۔

1950ء کے عشروں میں بلوچی زبان میں رسائل و جرائد بھی شائع کئے گئے جن میں اومان، سوغات اور بلوچی قابل ذکر ہیں۔ اسی طرح مابعد اُردو اخبارات کے بلوچی کالم بھی شروع کئے گئے۔ جب کہ اس وقت بلوچی زبان میں متعدد جرائد سمیت بلوچی روزنامے بھی شائع ہو رہے ہیں۔

1959 میں حاجی عبدالقیوم بلوچ نے ''بلوچی بومیا'' کے نام سے گرائمر کی ایک کتاب شائع کرائی جسے بلوچی اکیڈمی نے 1997 اور 2004 میں تیسری مرتبہ شائع کی۔ اسی طرح 1981 میں مکتبہ سوغات کراچی کی جانب سے مولوی خیر محمد ندوی نے ''بلوچی معلم'' اور اسی سال بلوچی اکیڈمی کوئٹہ نے آغا نصیر خان احمدزئی کی ''بلوچی لوز راہبند'' اور 1988 میں انگلش، بلوچی، براہوئی، گرائمر کی کتابیں شائع کیں جبکہ 1994 میں ''بلوچی اُردو بول چال'' کے نام سے عزیز بگٹی کی کتاب شائع کی گئی۔

1958ء میں جب بلوچی اکیڈمی قائم کی گئی اور جب 1961 میں فعال ہو گئی تو اس نے بلوچی زبان، ادب اور تاریخ کے سلسلے میں کتابوں کی اشاعت بھی شروع کر دی اور یوں اس ادارہ نے 2008 تک بلوچ، بلوچی اور بلوچستان کے بارے

میں دوسو(۲۰۰) کے قریب کتابیں شائع کی ہیں۔ جن میں میجر ای موکلر کی بلوچی گرائمر، آغا نصیر خان کی بلوچی کارگونگ، دی گرائمر آف بلوچی لینگوئج، بلوچی راہبند، اورانگلش، بلوچی، براہوئی گرائمر۔ میر عاقل خان مینگل کی کتاب اے پرشین، پہلوی، بلوچی ویکبلری اور عزیز بگٹی کی کتاب ''بلوچی اُردو بول چال'' شامل ہیں۔ جب کہ عبدالصمد شاہین نے 1978 میں فوجی جوانوں کے پڑھانے کیلئے ''ھیل بلد'' کے نام سے اور اسی غرض کیلئے غوث بخش صابر نے ''لوز بلد'' کے نام سے بلوچی بول چال کی کتاب ترتیب دی ہے۔

زیرنظر کتاب میں جہاں گرائمر کے تحت ضمائر کے استعمال کیلئے متعدد مصادر لکھے گئے ہیں اور پھر ضمائر اور مصادر کا استعمال بتایا گیا ہے وہاں ایک سودس دیگر اسباق ہیں۔ جن میں روزمرہ استعمال ہونے والے الفاظ وجملوں سمیت زندگی کے تمام شعبوں کو سمیٹا گیا ہے اور کتاب کے آخر میں ''لوز گنج'' کے تحت بلوچی کے ایک ہزار کے قریب الفاظ اوران کے اُردو تراجم تحریر کئے گئے ہیں جب کہ محاورے، ضرب الامثال، حال احوال، مختلف رسومات، زرعی، زمینی اور دیگر تمدنی اصطلاحات بیان کر کے بلوچی ثقافت کو بھی اُجاگر کیا گیا ہے۔

اس جامع کتاب سے نہ صرف بلوچی زبان نہ جاننے والے ہی استفادہ کرسکیں گے۔ بلکہ اہل زبان بھی بلوچی گرائمر اور دیگر الفاظ کے اُردو مترادفات سے بھی آشنا ہوں گے۔ جب کہ جدید اصطلاحات سے ریڈیو، ٹیلی وژن اور اخبارات ورسائل کے پروڈیوسروں، مدیروں، رپوٹرز اور کارکنوں کو بلوچی پروگرام کو پیش کرنے اور بلوچی لکھنے میں مدد ملے گی۔

یہ کتاب میں نے بلوچستان یونیورسٹی میں بحیثیت ریسرچ سکالر لکھی۔ بلوچی

ڈپارٹمنٹ کے چیئرپرسن محترمہ ڈاکٹر زینت ثناء ، پروفیسر عبدالصبور بلوچ، واجہ عبدالواحد بندیگ اور ڈاکٹر محمد قاسم عینی کا ممنون و مشکور ہوں کہ اُنہوں نے انتہائی دلچسپی سے اس کے مسودے کو پڑھا اور اپنی زریں آراء سے خورسند فرمایا۔ ان کے علاوہ میں الیاس بلوچ کا بھی شُکر گزار ہوں کہ اس نے بہت ہی مختصر وقت میں کتاب کی کمپوزنگ مکمل کی۔

ان معروضات کے باوجود میں تسلیم کرتا ہوں کہ ہر ابتدائی کام خامیوں سے مبرا نہیں اور یہ کتاب بھی میری پہلی کوشش ہے۔ لہذا قارئین سے التماس ہے کہ وہ اسکی خامیوں کی نشاندہی کر کے بارثانی اسے صحیح اور جامع شائع کرنے میں مدد فرمائیں۔

اثیر عبدالقادر شاہوانی

کوئٹہ

18 اگست 2008

بلوچی حروف تہجی

بلوچی حروف تہجی کی تعداد 28 ہے، جو درج ذیل ہیں:

ا ب پ ت ٹ ج چ خ

د ڈ ر ڑ ز ژ س ش غ ف ک

گ ل م ن و ہ ء ی ے۔

اس کے علاوہ بلوچی زبان میں عربی اور فارسی کے مستعمل الفاظ کے لیے بلوچی زبان کی تحریروں میں عربی اور فارسی کے حسبِ ذیل حروف بھی استعمال ہوتے ہیں۔

ث۔ح۔ذ۔ص۔ض

ط۔ ع۔ غ۔ ق

بلوچی میں ث۔ ح۔ذ۔ ص۔ ض۔ط۔ظ۔ع۔ اور ق کے حروف کی آوازیں نہیں ہیں۔

☆۔ث اور ص کی آواز کیلئے 'س' استعمال ہوتا ہے۔

☆۔ذ۔ض اور ظ کیلئے صرف 'ز' استعمال ہوتا ہے۔

☆۔ع کی جگہ الف اور ق کی جگہ 'ک' استعمال ہوتا ہے۔

☆۔تاہم جہاں عربی زبان کے مستعمل نام اور الفاظ آئیں، ان کو عربی، فارسی اور اُردو حروف میں لکھا جاتا ہے۔ جیسے۔

قادر۔صبور۔ الحق۔ غیاث۔ غوث۔ حماد۔حمید، حکیم۔ضمیر۔طاہر۔ ظاہر۔ صادق۔علی۔عباس۔اعلان وغیرہ۔

☆ بلوچی افعال میں مذکر مونث کا فرق نہیں ہے۔ مثلاً فرحانہ روگ ءَانت۔ فرحانہ جارہی ہے۔ راشد روگ ءَانت۔ راشد جارہا ہے۔ کہا جاتا ہے۔ یہاں صرف نام سے معلوم ہوسکتا ہے کہ فرحانہ لڑکی اور راشد لڑکا ہے۔

☆۔ کھانے اور پینے کیلئے بھی ایک لفظ ''ورگ'' (کھانا) استعمال ہوتا ہے۔ یعنی من نان ورین، میں روٹی کھاتا ہوں، من آپ ورین، میں پانی پیتا ہوں (کھاتا ہوں)۔

بلوچی لہجے

بلوچی زبان کے عموماً دو لہجے ہیں۔ مغربی بلوچستان میں مستعمل لہجے کو مغربی بلوچی اور مشرقی بلوچستان میں بولنے والا مشرقی بلوچی کہلاتا ہے۔

بلوچی زبان کے ان دو لہجوں کی ادائیگی میں بعض حروف میں تبدیلی ہوتی ہے۔ مثلاً مشرقی لہجہ کے لوگ پ۔ ت۔ ک۔ اور گ کی بجائے بالترتیب ف، ث، خ۔ غ کا استعمال کرتے ہیں۔ اے ملاحظہ ہو مختلف حروف کا فرق۔

☆۔ ف اور پ کا فرق

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
لاپ	لاف	پیٹ
آپ	آف	پانی

شپ	شف	رات
دپ	دف	منہ
تپ	تف	بخار
نپ	نف	فائدہ

☆۔ ت اورث کافرق

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
ماس	ماث	ماں
براس	براث	بھائی
چاہ	چاث	کنواں
کرتہ۔کتگ	کشہ۔کشغ	کیا
گوات	گواث	ہوا
بوتہ۔بوتگ	بیشہ۔بیشغ	ہوگیا

☆۔ک اورخ کافرق

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
حاک	حاخ	مٹی
گنوک	گنوخ	پاگل۔دیوانہ
گوک	گوخ	بیل

نوک	نوخ	پہلی رات کا چاند۔نیا
ناکو	ناخو	چچا
گروک	گروخ	برق
مروک	مروخ	مردہ (مراہوا)
کنوک	کنوخ	کرنے والا
جنوک	جنوخ	مارنے والا

☆۔گ اور غ کا فرق

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
نگن	نغن	روٹی
گشگ	گشغ	کہنا
کُشگ	کُشغ	قتل کرنا
نندگ	نندغ	بیٹھنا
ورگ	ورغ	کھانا
جنگ	جنغ	مارنا
گندَگ	گندَغ	بُرا
آہگ	آیغ	آنا
گِندگ	گِندغ	دیکھنا

روگ	روغ	جانا
لوگ	لوغ	گھر
گلام	غلام	غلام
دیگر	دیغر	عصر
وسپگ	وسپغ	سونا
تچگ	تچغ	دوڑنا
دیگ	دیغ	دینا
مڑگ	مڑغ	لڑنا

☆۔حرف۔و اوری

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
زُور	زیر	اُٹھاؤ
دُور	دیر	دُور
سوُر	سیر	شادی
ہُورت	ہیرت	باریک
مود	مید	بال
دمبورگ	دمبیرہ	طنبورہ
ہاتون،خاتون	حاتین	عورت

وسو	وسی	ساس
تُرو	تری	خالہ/ پھوپھی
زُوم	زیم	بچھو
حُور	حیر	حور
دستونک	دستینک	کنگن
روملاس	ریملاس	برملا

☆۔حرف۔د اور ذ

مشرقی بلوچی میں ''د'' کی جگہ ''ذ'' کا استعمال ہوتا ہے، مثلاً

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
ایدا	ایذا	اس جگہ
ہمودا	ہموذا	اسی جگہ
پاد	پاذ	پاؤں۔ پیر
پدا	پھذا	پھر
کدین	کذین	کب

☆۔چ اورش کا استعمال

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
مرچی	مرشی	آج
چیرا	شیرا	نیچے
چمودا	شمودا	وہاں سے
پاچن	پاشن	برہ
روچ	روش	دن۔سورج
سوچن	سیشن	سوئی
نیم روچ	نیم روش	دوپہر
چہ	شہ	سے

.....

ا۔پنجابی سندھی، بلوچی، پشتو۔بول چال ص18

☆۔ دیگر مختلف الفاظ

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
کُجا	بکو/تانگو	کہاں
جوڑ	بھڑ	تندرست
شہ	ژہ۔اژ	سے
گوں	پھجیگ ءَ	ساتھ
دگہ	تھی۔	اور
چنکس۔چُنت	چنکر،چِنکہ	کتنا۔کتنی
گوشت	گوژد	گوشت
بچار	بگند	دیکھ
توار	گوانک	آواز
نیمگ	پلّو	جانب
واجہ	واژہ	مالک۔جناب
میتگ	ہلک	گاؤں
جِنِک	مِنڈ	لڑکی
جُست۔سوج	پول	پوچھ
ہبر۔	ٹوک۔ٹونک	بات

مُج	مُژ	کُہر۔گردوغبار
ریک	ریخ	ریت
بوجگ	بوژغ	کھولنا
لاف	لاپ	پیٹ
وت	وث	خود
بوشت	جھک	ٹھہرجا
اسپیت	بھگی/سویث	سفید
یات	گیر	یاد
دراج	دراژ	لمبا
پادا۔بُست	کڑوبی/جکّ	اُٹھ جا
وانگ	پڑغ	پڑھنا
جُست کنگ	پول کنغ	پوچھنا

☆۔مشرقی لہجہ میں بعض الفاظ کومختصر کر کے تلفظ کرتے ہیں جومغربی لہجہ میں مستعمل نہیں۔ملاحظہ ہوچند مثالیں:

مغربی لہجہ	مشرقی لہجہ	اُردو معنی
گُشیت(گوشیت)	شیث۔	کہتا ہے
روگ ءِانت	روغانت۔روغین	جارہا ہے

کنگ ءَ اِنت	کنغا اِں۔ کنغین	کر رہا ہے
نشتگ	نشتغ۔ نشتغین	بیٹھا ہے

اِوزی نام ضمائر شخصی

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
من	میں	آ	وہ
ما	ہم	آہاں/آ	وہ (جمع)
منا	مجھے۔ مجھ کو	اے/ایش	یہ
مارا/امّارا	ہم کو۔ ہمیں	ایشاں	یہ سب
منی	میرا۔ میری	ایشرا/ایشیءَ	اس کو۔ اسے
مئے/امّے	ہمارا۔ ہماری	ایشانءَ	ان کو۔ انہیں
اژمن/شہ من/اچ من	مجھ سے	آنہیءَ/آرا	اس کو۔ اسے
اژما/اچ ما/شَماّ	ہم سے	آہانءَ	اُن کو۔ اُنہیں
گوں من/منی پھجیا	میرے ساتھ	آہیءَ	اس کا
گوں ما	ہمارے ساتھ	آہانی	اُن کا
منی	میرا	ایشی	اس کا
تو	تُو/تم	ایشانی	ان کا
شما	آپ	ہمیشی	اِسکا

ترا	تجھے	ہمیشاں	انہوں نے۔اُن کو
شمارا	تمہیں	ھمیشی ءِ	اسی کا
تئ	تیرا۔	ہمیشانی	انہی کا
شمئے	تمہارا۔آپ کا	گوں تو	تیرے ساتھ
اژتو/ اچ تو/ شہ تو	تجھ سے	گوں شما	آپ کے ساتھ
اژشما۔اچ شما/ چہ شُما	آپ سے	گوں تو	تمہارے ساتھ

اِشاراتی الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
گوشت۔گُشت	کہا	زی	گذشتہ کل
شُت	گیا	زہگ	بچہ
آہتگ	آیا	دوشی	گذشتہ رات
لوگ	گھر	وش	خوش
اِنت	ہے	شرّ	اچھا۔
چاہ/ چات	کنواں	ہال	خبر۔حال احوال
آپ	پانی	بچ	لڑکا۔بچہ

سرد	ٹھنڈا	جِنِکّ	لڑکی
ءِ	کا، کے، کی	توار	آواز
اَت	تھا	جت	مارا۔
اِنت	ہے	مردم	آدمی
ناجوڑ۔نادراہ	بیمار	کرّ	بہرا۔
ورنا	جوان	سیر	شادی
کِشک، دہ	پگڈنڈی	اُمر	عمر
پَچ	کُھلا	ڈگار	زمین
مِنّت	احسان۔شکریہ	تب	مزاج
آحتَنت	آئے	شُدی/شدیگ	بھوکا
براس/براث	بھائی	مڑوک	لڑنے والا
ہشت	آٹھ	جن	بیوی
باز	بہت	یلّہ	کھلا۔آزاد
وڈیرہ	سربراہ	گوانک	آواز
ہلک	گاؤں	گپت	پکڑا۔خریدا
دور	دور	بیا	آؤ
کار	کام	بگند	دیکھو۔
میتگ۔ہلک	گاؤں	کلگ	وادی

شپ	رات	نوک	نیا۔ چاند
روچ	دن۔سورج	سد	سو
کلدار	روپیہ	گِس	گھر
گوں	ساتھ	مروچی	آج

گپّ ءُتران.....بات چیت (گفتگو)

بلوچی	اُردو
من وشّ اوں	میں خوش ہوں۔ میں اچھا ہوں
امّا چار برا سیں	ہم چار بھائی ہیں۔
منی یک جنکے	میری ایک لڑکی ہے۔
مئے دو چاہ انت	ہمارے دو کنوئیں ہیں۔
منی مات و پت جوڑ انت	میرے ماں باپ تندرست ہیں۔
مئے لوگ باز مزن اِنت	ہمارا گھر بہت بڑا ہے
چہ/ شہ من تو مزن ئے	مجھ سے تم بڑے ہو۔
اے منی سنگت انت	یہ میرا ساتھی ہے۔
اچ ماا ے کار نہ بیت	ہم سے یہ کام نہیں ہوتا
گوں من بیا	میرے ساتھ آ ؤ
گوں من سد کلدار ہست	میرے پاس سو روپے ہیں۔

توچے کار کنئے	تم کیا کام کرتے ہو۔
مروچی شمادیر کُت	آج آپ نے دیر کردی
توسور کتگ؟	تونے شادی کی ہے؟
شمارا چے پکارانت	تمہیں کو کیا چاہیے
تئ چنکس زہگ انت	تمہارے کتنے بچے ہیں۔
شمئے لوگ ءَ چاہ ہست	تمہارے گھر میں کنواں ہے۔
چہ تو (اچ تو) منا گِلہ نیست	تم سے مجھے شکوہ نہیں
چہ شما چیر نہ انت	تم سے پوشیدہ نہیں
من گوں تو کائین	میں تیرے ساتھ آؤں گا
ما گوں شما سنگت ہیئں	ہم آپ کے ساتھ ہوں گے
آ منی برات اِنت	وہ میرا بھائی ہے
آ طالب اَنت۔	وہ طلبا ہیں
اے منی جرّ انت	یہ میرے کپڑے ہیں
اے مئے سنگت انت	یہ ہمارے ساتھی ہیں۔
ایشرا بہ بر	اس کو لے جاؤ
ایشی ءَ بہ بر	اس کو لے جاؤ
ایشی ءَ مہ بر	اس کو مت لے جاؤ
ایشان ءَ بلوچ گوش انت	اِن کو بلوچ کہتے ہیں۔

آہیا پُول کن۔ آئی ءِ جُست کن	اُس سے پوچھو
اے آہی بچ اِنت	یہ اس کا بیٹا ہے
آہانی لوگ دیر انت	اُن کا گھر دور ہے
ایشی نام کئے انت۔	اس کا نام کیا ہے
ایشانی زہگ وانت	اِن کے بچے پڑھتے ہیں۔
ھمیشی مناڈس دات	اِسی نے مجھے پتہ بتایا۔
آہاں شمارا چے حال دات	انہوں نے تمہیں کیا خبر دی۔
آہمیشی ءِ اسپ اِنت	وہ اسی کا گھوڑا ہے
اے ہمیشانی رمگ انت	یہ انہی کا ریوڑ ہے۔

ضمائر تاکیدی

بلوچی	اُردو
من وت۔ منی جند	میں خود۔ میری ذات
ماوت۔ مئے جند	ہم خود۔ ہماری ذات
تووت۔ تئی جند	تو خود۔ تیری ذات
شماوت۔ شمے جند	آپ خود۔ آپ کی ذات
آہاں وت۔ آہانی جند	وہ خود۔ ان کی ذات
آوت۔ آئی جند	وہ خود۔ اُسکی ذات

اِشاراتی الفاظ	
بلوچی	اُردو
کار	کام
اے	یہ
حال	خبر
اشکتہ	سنا ہے۔
شَرّ	اچھا
لوگ	گھر
بستگ/ بستہ	بند کیا ہے۔
راہ	راستہ
ناجوڑ	بیمار
کئے	کون
جتگ/ جتہ	مارا ہے
توار	آواز
وانین	پڑھتا ہوں۔
کلگ	وادی
لنکک/ ناحُن	اُنگلی
گِس	گھر

ہلک	گاؤں
شنبہ۔اول ہپتنگ	ہفتہ
نوک	چاند
اُمر	عمر
میتنگ	گاؤں
باز	بہت
شپ	رات
کُلاہ	ٹوپی
مروچی	آج
روچ	سورج
صد	سو
نمہ دار/زیبا/ڈولدار	خوبصورت
سکّ	زیادہ۔انتہائی
نوک	نیا۔

گپ تران (گفتگو)

من وت اے کارءَ کنین	میں خود یہ کام کرونگی
ماوت اے حال اُشکتہ (اُشکتگ)	ہم نے خود یہ خبر سُنی ہے
تووت کہ بیائے شرّ ترانت	تم خود آؤ تو بہتر ہے

آ راشماوت بہ گوش ات	اس کو آپ خود کہہ دیں
آ وت شمئے لوگ ءَ کیت	وہ خود تمارے گھر آئے گا
آ ہاں وت راہ بستگ	انہوں نے خود راستہ بند کیا ہے۔
ترا کئے جتگ/ جتہ	تجھے کس نے مارا ہے
اے سک ناجوڑ اِنت	یہ بہت بیمار ہے
آ راتوار پکن (بہ کن)	اُسے آواز دو
منی اُمر شست سال انت	میری عمر ساٹھ سال ہے۔
من وت شپ ءِ وانین	میں خود رات کو پڑھتا ہوں
مئے میتگ ہلک ءَ آپ باز انت	ہمارے گاؤں میں پانی بہت ہے
کوہ ءِ کلگ سک نمہ دار انت	پہاڑ کی وادی بہت خوبصورت ہے
اَئید نوک در آ ہتگ/ در اہستہ	عید کا چاند نکلا ہے
منی ٹوپ نوک اِنت	میری ٹوپی نئی ہے
مروچی شنبہ ءِ روچ انت	آج ہفتے کا دن ہے۔
روچ پہ لنکک چیر نہ بیت	سورج انگلی سے چھپایا نہیں جاتا
مئے ہلک ءَ سد گِس اَنت	ہمارے گاؤں میں سو گھر ہیں۔

چکاری نام بدل.....ضمائر موصولہ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
ہر کجام	جو کوئی	آں کدر	اُتنا
ہر کس	جو کوئی	ہمینکس کدر	اتنا ہی
ہر چی کہ	جو کچھ۔جتنا	چُشیں	اس طرح کا
ہمائی کہ	جس نے	چوش	اس طرح
ہر چون کہ	جیسا کہ	وڑ	طرح۔مانند۔قسم
آ کہ	جو کہ	چو کہ	جیسا کہ۔جس طرح
ہمارا کہ	جس کو	چومہ بیت کہ	ایسا نہ ہو کہ
ہما	وہی	چوش	ایسا
چو کہ	جیسے	پریشی	اسکے واسطے
ہر کسےءَ	جس کو	ہر ڈول	ہر طرح
ہر چنکہ کہ	جتنا کہ	اے دیم آ دیم	اس طرف اُس طرف
اِکر۔اگِدر۔اِنکس	اتنا۔اس قدر	کجا	کہاں
اے نیمگ	اس طرف	روایر شت ءَ/روکپت ءَ	مغرب کی جانب
آ نیمگ ءَ	اُس طرف کو	قطب/گوریچاں	شمال
چہ اِدا	یہاں سے	گوریچان	شمال کی جانب

چہ اودا	وہاں سے	زِربار	سمندر کی جانب۔ جنوب
ہمودا	وہیں	بُرزا/ بُرزی نیمگ ءَ	اُوپر کی جانب
چہ ہمودا	وہیں سے	جہل ءَ/ جہلی نیمگ ءَ	نیچے کی جانب
چہ کجا	کہاں سے	چہ کئے	کس سے
راست	دائیں/ سچ	چہ کجام ءَ	کن سے
چپ	بائیں/بغیر	ادا، اودا	یہاں وہاں۔ ادھر اُدھر
چون	کیسے	تہا	اندر
زوت	جلدی	تہی نیمگ	اندر کی جانب
سہیل	جنوب/خزاں	دیما	سامنے
اِیدا	یہاں	پشت ءَ	پیچھے

اِشاراتی الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
بیار	لے آ	ہست	ہے (موجود)
پیش دار	دکھاؤ	اِنت	ہے
وتی	اپنا	داد	انعام
کئی	کس کا	مال	مال مویشی
ماڑی	محل۔ بنگلہ۔ بلڈنگ	گُد/جرّ	کپڑا
کسان	چھوٹا	دوست	پسند
تیوگ	پورا	تب	طبیعت/مزاج
آزمان	آسمان	گَندگ	خراب
ڈگار	زمین	من آحت اوں	میں آیا
دروگ	جھوٹ	نیست	نہیں ہے
کیئست	آئے گا	کوہ	پہاڑ
بل ئے	چھوڑ دو	آہگ	آنا
بس انت	کافی ہے	روَگ	جانا

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
دِگہ	اور۔مزید	بستگ/بستہ	جم گیا
بہ برئے	لے جاؤ	گردئے	پھرتے ہو
مہ بند	مت باندھو	رسنت	ملتے ہیں۔ ملتی ہیں۔
پشل	شرمندہ	سارت/سرد	سرد۔ٹھنڈا
گد/سریگ/گشان	دوپٹّا	گوات	ہوا
گُشتگ	کہا ہے	موسم	موسم
دیر	دور	توپک	بندوق
شفتالو۔خالگ	آڑو	گِپت	لیا۔خریدا
زی	گذشتہ کل	چی/شئے/چیز	چیز
زرّ	چاندی	رسیت	ملتا ہے۔ملتی ہے

گپ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
ہر کجام کہ ترا دوست انت بہ برے	جو تجھے پسند ہے (اس کو) لے جاؤ
ہر کس کہ کَیت ،بلّ کہ بَیت	جس نے آنا ہے اُسے آنے دیں۔
ہمائی کہ نام اختر انت ، اِدا نہ اِنت	جن کا نام اختر ہے۔ یہاں نہیں ہے
کہ بہ بیت ،تو آرا بیار ہر چون	جیسا بھی ہو تم اُسے لے آؤ
آ کہ چہ اوداں آحت آ منی سنگت انت	وہ میرا ساتھی ہے جو وہاں سے آیا۔
ایشرا ہمائرا بدئے کہ آرا دوست اِنت	یہ اس کو دے دو جسے یہ پسند ہے۔
اے ہماورنا اِنت کہ زی آحتگ ات	یہ وہی جوان ہے جو کل آیا تھا۔
اے انچو سرد اَنت چو کہ برپ	یہ ایسے ٹھنڈے ہیں جیسے برف۔
ہر چی کہ گوں تو ہست بیارِش	جو کچھ تمہارے پاس ہے۔ لے آؤ۔
ہر چنکس زرّ دارئے ،مِنَیش بدے	جتنی رقم رکھتے ہو مجھے دے دو۔
اینکس سرد انت کہ آپ بستہ	اتنی سردی ہے کہ پانی جم گیا ہے۔
ہمنکس منا بس انت	اتنا ہی مجھے کافی ہے۔

اسم اشارہ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
انکس	اتنا۔اس قدر	ہمانکس	اُتنا
ہمنکس	اتناہی	چُشیں	اس طرح کا
اے ڈول	اس طرح	وڑ	طرح۔قسم۔مانند
چوش کہ	جیسا کہ۔جس طرح	چومبیت کہ	ایسا نہ ہو کہ
چُشیں	ایسا	پمیشا	اس لئے
ہر ڈولے	ہر طرح	اے	یہ
اِیشاں	یہ(جمع)اِن	آ	وہ
آہاں	یہ(جمع)	آہاں	وہ(جمع)
اے دیم آدیم	آس پاس(اِردگرد)	کجا	کہاں
کجا	کدھر	اِنگو	اس طرف
آنیمگ	اُس طرف	چہ ایدا	یہاں سے
چہ اُودا	اُدھر سے۔وہاں سے	اِدا	یہاں
اودا	وہاں	اوداں	وہیں
چہ ہمودا	وہیں سے	شہ کجا	کہاں سے
اے نیمگ	اس طرف	اے نیمگءَ	اِس طرف سے

راستیں نیمگ ءَ	دائیں جانب سے	چپ ءَ	بائیں جانب سے
چون	کیسے	زوت	جلدی
رودرآحت	مشرق	سہیل ءَ	جنوب کی جانب یا خزاں کے موسم میں
قبلہ ءَ	مغرب یا قبلہ	قطب ءَ	شمال کی جانب
بُرزا	اوپر کی جانب	جہل ءَ	نیچے کی جانب
شہ کئے	کس سے	شہ کجاماں	کن سے
ایدا اودا	یہاں وہاں (اِدھر اُدھر)	چہ ایشاں	ان سے

اشاراتی الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
مَوَر	نہ کھا	پاد	پاؤں
لیپ	رضائی	تچک	سیدھا
چیز	چیز	نیست	نہیں
شَرّ۔جوان	اچھا	بس انت	کافی ہے
منی	میرا،میری	کلاہ	ٹوپی
مَکَن	مت کر	بِبَے	ہوجا

حبر	بات	نہ کنین	میں نہیں کرتا
کائین۔	آؤں گا	کجانگو	کہاں
کجا	کہاں	چے	کیا
چاریت	دیکھتا ہے	چاراَنت	دیکھتے ہیں
رواَنت	جاتے ہیں	مَرَہ	نہ جا
کنَیَ	کرتے ہو	راہ	رستہ
بِنِند	بیٹھ جا	روئے	جاتے ہو
چون	کیسا۔ کیسے	شُت	گیا
زوت،زوت	جلدی جلدی	دیم	منہ،چہرہ/طرف
تھو	تھوک	بِکن	کرو
بروت	مونچھیں	ریش	داڑھی
لاپ	پیٹ	جوان	اچھا
کار	کام	رونت	جاتے ہیں
نِشنگ اَنت	وہ بیٹھے ہیں	چے	کیا
روٹک	طلوع آفتاب	چاریت	دیکھتا ہے
مَور	مت کھا	نِندئے	بیٹھتے ہو

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
اے ڈولیں کارا ے ڈول ءَ بیت	اس طرح کا کام اس طرح ہوتا ہے
اے گدءِ رنگ ہنچو سیاہ انت چو کہ کلاگ	اس کپڑے کا رنگ اسطرح کالا ہے جیسا کہ کوّا
دروگ مئے کہ بیت کہ پشل بیَے	جھوٹ مت بولو، ایسا نہ ہو کہ شرمندہ ہو جاؤ
چوش نہ انت۔ چو کہ آئی ءَ گشتہ	ایسا نہیں ہے۔جس طرح اُس نے کہا ہے
منی تب خراب ات، پمیشا من آحت نہ کرت	میری طبیعت خراب تھی، اس لئے میں نہیں آسکا
کوئٹہ ءِ اے دیم آدیم ءَ کوہ انت	کوئٹہ کے آس پاس پہاڑ ہیں۔
توشہ کجا کا یے	تو کہاں سے آرہا ہے
من اے نیمگ ءَ رَین تو آ نیمگ ءَ برو	میں اِس طرف جاتا ہوں،تو اس طرف جاؤ
لندن شہ ءِ ادا بھاز دور اِنت۔	لندن یہاں سے بہت دور ہے۔
توشہ اُوداں چے ءِ سر ءَ آہتے	تو وہاں سے کس چیز پر آئے۔
اِداں شفتالو ءِ باغ اَنت	یہاں آڑو کے باغات ہیں۔
اُودا گلّہ ءِ پسل انت	وہاں گندم کے فصل ہیں۔
ہمودا کہ شکر (بُورہ) رسیت بگر بیار	جہاں چینی ملتی ہے وہیں سے لے کر آ

تو شہ کجا آ حت ئے	تم کہاں سے آیا
تہ راست ءَ روئے یا چپ ءَ	تو دائیں جانب جاتا ہے یا بائیں جانب
سیبی ءِ موسم چون انت ۔؟	سبی کا موسم کیسا ہے۔؟
کوئٹہ ءِ رودر آ حت ءَ کوہ مردار ورو پشخیر ءَ چلتن ءِ کوہ انت ۔	کوئٹہ کے مشرق میں کوہ مردار اور مغرب میں چلتن کا پہاڑ ہے۔
مئے زر بحر ءِ مستونگ وقطب ءَ پشین اِنت	ہمارے جنوب میں مستونگ اور شمال میں پشین ہے
سرد یں گوات چہ گور یچان ءِ نیمگ ءَ کاینت	سرد ہوائیں شمال کی جانب سے آتی ہیں۔
کوئٹہ ءِ زر بحر ءِ نیمگ ءَ قلات ڈویژن اِنت	کوئٹہ کے جنوب کی طرف قلات ڈویژن ہے
بُرزا آ زمان وجہل ءَ ڈگار اِنت ۔	اُوپر آسمان اور نیچے زمین ہے
اے تو پکار اتہ شہ کئے گپت	یہ بندوق تو نے کس سے خریدی
اے چیز شہ کئے رَس اَنت	کن سے یہ چیزیں ملتی ہیں۔
تو اِداں اُوداں چیا گردئے	تو اِدھر اُدھر کیوں پھرتے ہو۔
مَسیت کجام نیمگ ءَ اِنت؟	مسجد کس جانب ہے۔

جُستی نام بدل۔حروف استفہامیہ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
چے	کیا	چنکس، چہ کدر	کتنا
پہ چے	کیوں	کے	کون
پہ چےءَ	کس لئے	کئی	کس کا
کجام	کونسا	شہ کجا	کہاں سے
چونین۔چون	کیسا	تاں کجا	کہاں تک
چہ ڈول	کس طرح	گڈا۔گُڑا	پھر
شہ کئے	کس سے	پہ راستی؟/ حالینئی	سچ مچ؟
تاں چہ وہدءَ	کس وقت تک	راست انت	سچ ہے؟
کُجام/ بکو/ تانگو	کہاں	کجام	کونسا

اشاراتی الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
لوٹ اِت	مانگتے ہو	نِشتہ	بیٹھا ہے۔
وَرِت	کھاتے ہو	لوگ	گھر
جُست پُرس	پوچھ گچھ	واجہ	جناب
شُت	گیا	ماہ	مہینہ
چیز	چیز	روگا اِنت	جارہا ہے

جرّ	کپڑے	کُلہ	پیغام
روچ	دن۔سورج	کاروان	قافلہ
گوشت	گذرا	رؤت	جاتا ہے
کار	کام	پدا	بعد
حبر	بات	رونگا اَنت	جارہے ہیں۔
اُشکت	سنا۔سنی	ہلک	گاؤں

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
تواچ (چہ) من چے لوٹ ئے	تم مجھ سے کیا مانگتا ہے؟
آ پہ چے نہ شُت؟	وہ کیوں نہیں گیا
ترا کجام چیز دوست اِنت؟	تجھے کونسی چیز پسند ہے
تئ چونیں جرّ اَنت	تمھارے کیسے کپڑے ہیں۔
تئ روچ چون گوست	تیرا دن کیسے گذرا
کمپیوٹر چہ ڈول کار کنت	کمپیوٹر کس طرح کام کرتا ہے
اے حبرء شہ کئے اُشکت ئے؟	یہ بات تم نے کس سے سنی
شماتاں چہ وہدءَ نشتگ اِت	آپ کس وقت تک بیٹھے ہیں۔
تئ ہلک ءُلوگ کجا انت	تیرا گاؤں اور گھر کہاں ہیں۔
تہ چہ وختا نان ورے؟	تو کس وقت روٹی کھاتا ہے؟

واجہ کدی حج ءَ شُت	جناب کب حج کرنے گیا
ماہ ءِ چنکس روچ انت	مہینے کے کتنے دن ہیں۔؟
چہ ایداں کئے روگا انت	یہاں سے کون جارہا ہے؟
پہ تو کئی کُلہ آحتگ	تیرے لئے کس کا پیغام آیا ہے
شمئے کاروان چہ کجا آحتگ	آپ کا کاروان کہاں سے آیا ہے؟
اے راہ تاں کجا روت	یہ راستہ کہاں تک جاتا ہے؟
کار ءَ پد گڑا تو چے کنئے؟	کام کے بعد پھر تم کیا کرتا ہے
پہ راستی تو پکاس ءَ سوبین بوتے؟	سچ مچ تو امتحان میں پاس ہوئے۔
اے راست انت کہ شما ایران ءَ روگا اِت؟	یہ سچ ہے کہ آپ ایران جارہے ہیں۔؟

☆۔ حروف اضافت

حروف اضافت کیلئے بلوچی زبان میں ہمزہ ''ء'' کو زیر اور زبر سے متحرک کر کے استعمال میں لایا جاتا ہے مثلاً : ''ءِ'' اور ''ءَ''، ''کا، کے۔کی'' کے علاوہ ''نے'' اور ''کو'' کیلئے استعمال ہوتا ہے۔اس کے علاوہ بلوچی میں ''کو'' کیلئے لفظ ''را'' بھی استعمال ہوتا ہے۔مثلاً ''امارا'' بمعنی ہمیں۔

ملاحظہ ہو ان کا استعمال:

بلوچی	اُردو
☆۔انوں دیگرءِ وہدانت	اب عصر کا وقت ہے۔
☆۔فیصل لوگءَ روگءَ انت	فیصل گھر کو جا رہا ہے۔
☆۔شاکرءِ کتاب گوں منءِ انت	شاکر کی کتاب میرے پاس ہے
☆۔اے سروپءَ مہ وَر	اس سیب کو مت کھاؤ۔

☆۔ حروف عطف

حروف عطف کیلئے بلوچی زبان میں ''ءُ'' مستعمل ہے۔مثلاً ظاہرءُ ناصر (ظاہر اور ناصر)

''ءُ'' کے استعمال کی مزید مثالیں:

بلوچی	اُردو
☆۔ظاہرءُ ناصر برات انت۔	ظاہر اور ناصر بھائی ہیں۔
☆۔کتابءُ قلم ہر جار رسنت۔	کتاب اور قلم ہر جگہ ملتے ہیں۔
☆۔یک صدءُ بیست ءُ دو کلدار۔	ایک سو بائیس روپے۔

اِشاراتی الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
ودار	انتظار	خبردار	خبردار
بید	بغیر	گام	قدم
پُشت	پیچھے	دومی برا	دوسری بار
ناگت	ناگماں۔اچانک	دگہ برا	آئندہ
گڑا	پھر	اپسوز	افسوس
ہروہدے کہ	جب بھی	آپرین	آفرین
ننکہ تو	نہ کہ تم	پہ چماں	سرآنکھوں سے
پَشت کپگ	پیچھے رہ جانا	بے پائدگ	فضول/ بے فائدہ
لنگ	لنگڑا	چُشیں	ایسا
چوٹ	ٹیڑھا	لیسب	کھیل
دپ	منہ	متچ	مت دوڑو/ بھاگو
پیٹ	حیف	دیما	آگے

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
من تاں باندا تئ ودارءِ کنین	میں کل تک تیرا انتظار کروں گا۔
بید چہ دُرست آ حتگ انت۔	تیرے بغیر سب آ گئے ہیں۔
من شہ درءِ کائیں	میں باہر سے آ رہا ہوں
ناگت ءِ منی برات آ ہت	اچانک میرا بھائی آ گیا
گڑا تو چہ کجا کائے؟	پھر تو کہاں سے آ رہا ہے۔
ہر وہدے کہ من بیائین آ گوں من گون بیت۔	میں جب بھی آ جاؤں وہ میرے ساتھ ہوگا۔
ننکہ تو بیا۔ ننکہ آ	نہ تم آؤ نہ وہ آئے۔
چومہ بیت کہ تو پشت پہ کپئے	ایسا نہ ہو کہ تم رہ جاؤ۔
پمیشا کہ آ لنگ اِنت	اس لیے کہ وہ لنگڑا ہے
دپ ءِ چوٹ مکن، ترا اَلّما روگی انت	منہ مت بنا تمہیں ضرور جانا ہوگا۔
پیٹّ اِنت آ را کہ گوں تو مڑیت	اس کو حیف ہے کہ تم سے لڑتا ہے
خبر دار دیما گامے نزورے	خبر دار ایک قدم بھی آگے نہ بڑھانا
اپسوز کہ من پیش ءِ بزانتیں	افسوس کہ میں پہلے جانتا

پہ خدا دگہ برامیا	خدا کیلئے دوسری بار مت آؤ
اگہ نہ قول انت ترانیلیں	ورنہ وعدہ ہے کہ تجھے نہیں چھوڑوں گا
پُشیں اسپیتیں دروگ	ایسا سفید جھوٹ
زوت کن لئیب بندات بوتگ	جلدی کرو کھیل شروع ہو گیا ہے
متچ بیا اِدامِنند	مت دوڑو آؤ یہاں بیٹھ جاؤ
اپسوز کہ تو نہ رَس اتے	افسوس کہ تم نہ پہنچ سکے
آپریں ترابات کہ تو وتی کار ہلاس کرت۔	آفرین ہو، کہ تو نے اپنا کام ختم کیا۔
پہ چماں (سرو چماں) من کائین	بڑی خوشی سے۔ سر آنکھوں سے میں آؤں گا
بے پائدگیں حبر مکن	فضول باتیں مت کرو

سومات۔ بُن لوز.....مصادر

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
آرگ	لانا	پلّگگ	نِگل لینا
آہگ	آنا	پیلوشگ	جلسا دینا
اُشکنگ	سننا	تُسگ	بے ہوش ہونا
اُوشتگ	کھڑا ہونا	تُرسگ	ڈرنا
اِلّگ	چھوڑنا	توسگ	بجھانا
ایربرگ	نگل جانا	تڑگگ	پھٹنا
ایرجَنگ	مذّمت کرنا	تچگ	دوڑنا
ایرآہگ	اترنا	ٹاپرگ	آوارہ پھرنا
بال کنگ	اڑنا	ٹلّگ	ٹھوکنا۔ کھٹکٹانا
برگ	لے جانا	جھلّگگ	کھانسنا
بُرّگ	کاٹنا	شیکو ورگ	جھولنا۔ جھومنا۔ بھاگنا
بریجگ	بھوننا۔ سرخ کرنا	چَرَگ	چرنا
بوجَگ	کھولنا۔ حل کرنا	چارگ	دیکھنا
بندگ	باندھنا۔ بند کرنا	چِشگ	چھینکنا

بستگ	جم جانا	چَشگ	چکنا
بوئگ	ہونا	چارینگ	چرانا
پٹکّ	تلاش کرنا	چُکّگ	چومنا
پڑ وشگ	توڑنا	دارگ	رکھنا۔روکنا
پچ کنکّ	کھولنا	درچِنگ	چنّنا۔منتخب کرنا
دِرّگ	پھاڑنا۔	چنئگ	اُٹھانا۔پانا۔قینچی کاٹنا
پَچّگ	پکانا	دُرشگ	پیسنا
دنتاں دُرشگ	دانت پیسنا	کشّگ	نکالنا
دوشگ	دوھنا	کِشّگ	کاشت کرنا۔بونا
دوچَگ	سینا	کُشگ	مارڈالنا/قتل کرنا
دیگ	دینا	کپّگ	گرنا
رُدَگ	اُگنا	کُٹکّ	ختم ہونا
رِچَگ	پانی کا گرنا۔برسنا	کنگ	کرنا
روئگ	جانا	کوٹگ	کاٹنا
رسینگ	جالینا۔پہنچنا	گاسگ	جمائی لینا
رُنگ	فصل کاٹنا	گِرادگ	پکانا
رودینگ	پرورش کرنا۔	گردگ گِڈّگ	پھرنا اونگھنا

روسینگ	جڑ سے نکالنا	ِگرَگ	پکڑنا
رندگ	کنگھی کرنا	گریوگ	رونا
ریچگ	اُنڈیلنا۔گرانا	گوزگ	گزرنا
زانگ	جاننا۔سمجھنا	گُشگ (گوشگ)	کہنا۔بولنا
زاہگ	جننا	گلاہگ	تعریف کرنا۔
زِنگ	چھیننا	گِندَگ	دیکھنا
زورگ	اُٹھانا۔لے لینا	گوسپگ	بننا
سُچگ	جلنا	گوارگ	برسنا
سِدگ	ٹوٹنا	گیشینگ	الگ کرنا۔حل کرنا۔
سُرشگ	گوندھنا	لڈّگ	لادنا۔کوچ کرنا
سوچگ	جلانا	لوٹگ	مانگنا
سِندگ	الگ کرنا۔جدا کرنا توڑنا	لگاشگ	ملنا۔مالش کرنا
شودگ	دھونا	لگشگ	پھسلنا،رنگ کا اترنا
شموشگ	بھولنا	ماں رِچگ	حملہ کرنا۔دھاوا بولنا۔اکٹھا ہونا۔
مِچگ	بچے کا ماں کا دودھ پینا	مِرگ	مرنا
مِڑگ	لڑنا	مُشگ	ملنا

میزگ	پیشاب کرنا	نادینگ	بٹھانا۔
نُرنڈگ	بڑبڑانا۔/کراہنا	نندگ	بیٹھنا۔
وانگ	پڑھنا	وڈّگ	بڑھنا
ورگ	کھانا	وسپگ	سونا
وَلّگگ	بڑی شدت سے رونا	اَڑگ	لڑنا۔متصادم ہونا۔الجھنا
اڑینگ	پنسانا۔الجھانا	ہسکگ	ہچکی لینا
ہندگ (کندگ)	ہنسنا	یلہ دیگ	چھوڑنا۔ترک کرنا

ماضی مطلق

تعریف:۔

☆۔ گذرے ہوئے زمانے میں کسی کام کا ہونا، جس میں دور یا نزدیک کی قید نہ ہو؛ مثلاً میں نے کھایا؟ اس نے پیا (آوارت)، وہ گیا (آشُت) وغیرہ ماضی مطلق ہے۔

☆۔ بلوچی میں مصدر سے ماضی مطلق بنانے کیلئے عموماً علامت مصدر ''گ یا غ'' ہٹا کر ''ت'' لگایا جاتا ہے۔ مثلاً بال کنگ'' سے گ'' ہٹا کر ''ت'' لگایا جاتا ہے۔ اس طرح ''بال کنگ'' (اُڑنا) مصدر سے ''گ'' ہٹا کر ''ت'' لگانے سے ''بال کرت کت'' (اُڑ گیا) ماضی مطلق بن گیا۔ لیکن اُردو کی طرح کچھ بے ترتیب بھی ہوتے ہیں؛ مثلاً سوچگ (جلنا)، سے سوہت (جل گیا) وغیرہ۔

☆۔ پڑھے گئے مصادر سے بنائے گئے ماضی مطلق کے الفاظ۔

مصدر	ماضی مطلق	مصدر	ماضی مطلق
آرگ (لانا)	(لایا) آرت	بونگ (ہونا)	بوت۔ ہوا
آہگ (آنا)	آہت (آیا)	پُرشگ (ٹوٹنا)	پُرشت (ٹوٹا)
اوشتگ (کھڑا ہونا)	اوشتات (کھڑا ہوا)	پروشگ (توڑنا)	پروشت (توڑا)
اِلگّ (چھوڑنا)	اِشت (چھوڑا)	پچ کنگ (کھولنا)	پچ کُت (کھولا)
ایر برگ (نگل جانا)	ایر بُرت (نگل گیا)	پچگ (پکانا)	پچت (پکایا)
ایر جنگ پست کرنا	ایر جت۔ پست کیا گھٹایا	پلّگگ (بلبلانا) (سالم نگلنا)	پلّکّت (بلبلایا) سالم نگلا
ایر کپگ (اترنا)	ایر کپت (اترا)	پیلوشگ (سطحی جلنا)	پیلوشت (اُوپر سے جل گیا)
بال کنگ (اڑنا)	بال کرت (اڑا)	تُسگ (بے ہوش ہونا)	تست (بے ہوش)
برگ (لے جانا)	بُرت (لے گیا)	تُرسگ (ڈرنا)	تُرست (ڈرا)
بُرّک (کاٹنا)	بُرت (کاٹا)	توسگ (بجھانا)	توس اِت (بجھا)

بریجگ (بھونتا)	بریحت (بھونا)	ترکک (پٹھنا)	ترک اِت (پھٹ گیا)
بوجگ (کھولنا)	بوجہت (کھولا)	تچگ (دوڑنا)	تہت/تتک (دوڑا)
بندگ (باندھنا)	بست (باندھا)	ٹاپرنگ (آوارہ پھرنا)	ٹاپرت (آوارہ پھرا)
بدگ (جم جانا)	بداِت (جم گیا)	جننگ (مارنا)	جت (مارا)
جھکگ (کھاسنا)	جھکت (کھانسا)	چرنگ (چرنا)	چراِت (چرا)
چارگ (دیکھنا)	چارت (دیکھا)	چشنگ (چھنیکنا)	چشت (چھینکا)
چشگ (چکنا)	چشت (چکا)	چرینگ۔ چرایا	چارینت (چرایا)
چننگ (اُٹھانا پانا)	چت (اٹھایا۔ پایا)	چکگ (چومنا)	چُکست (چھوما)
دارگ (رکھنا)	داشت (رکھا)	درچنگ (چننا منتخب کرنا)	درچت (چُنا منتخب کیا)
درگ (پھاڑنا)	دِرت (پھاڑا)	دُرشگ (پیسنا)	دُرشت (پیسا)
دوشگ (دوھنا)	دُشت (دھویا)	دوچگ (سینا)	دُہت (سیا)
رُدگ (اُگنا)	رُست (اُگا)	دیگ (دینا)	دات (دیا)

گردان۔ماضی مطلق

ماضی مطلق کے جملے بنانے کیلئے مصدر کی علامت ''گ'' یا ''غ'' ہٹا کر ''ت'' لگایا جاتا ہے۔ مثلاً آ ہگ (آنا) کی علامت مصدر ''گ'' ہٹانے اور ''ت'' لگانے سے ''آ ہت'' ماضی مطلق بن گیا جو صیغوں میں بطریق ذیل استعمال ہوتا ہے۔

صیغہ	بلوچی	اُردو
واحد متکلم	من آ حت اُن	میں آیا
جمع متکلم	ما آحتاں	ہم آئے
واحد حاضر	تو آہتئے	تو آیا
جمع حاضر	شما آحت اِت	آپ آئے
واحد غائب	آ آ ہت	وہ آیا
جمع غائب	آ آہتنت	وہ آئے

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
جاوید چہ لاہور ءَ آ ہت	جاوید کل لاہور سے آیا
عابد مروچی نان آ رت	عابد آج روٹی لایا
حسیب چہ دزّ ءَ ترس اِت	حسیب چور سے ڈر گیا
عرفات ءَ پت ءِ دست چُکّت	عرفات نے باپ کا ہاتھ چوما
رضوان چہ یونٹ ءَ تہت	رضوان یونٹ سے بھاگ گیا

اے درچک ءَ کئے بُرّ اِت	یہ درخت کس نے کاٹا
تووتی جامگ بچے دِرت	تو نے اپنی قمیض کیوں پھاڑ دی
پرویز ءَوتی کرسی پروشت	پرویز نے اپنی کرسی توڑ دی
جنگریز ءَنگن پتک / پہت	چنگیز نے روٹی پکائی
رفیق ءَوتی دوست ءِگلّ چُکّ اِت	رفیق نے اپنے دوست کے گال کو بوسہ دیا
قیصر ءَسروپ وارت۔	قیصر نے سیب کھایا
راشد لاہور ءَشُت	راشد لاہور گیا
عمر ءَوتی بُز دُشت	عمر نے اپنی بکری کا دودھ دھویا
چاکر ءَوتی وازدار کُشت	چاکر نے اپنے آقا کو قتل کیا
نصیر ءَوتی کتاب پچ کت	نصیر نے اپنی کتاب کھول لی
آہی ءَمناوتی قلم دات	اس نے مجھے اپنا قلم دیا
آمروچی چہ نوشکی ءَ آہت	وہ آج نوشکی سے آیا
سپاہی چہ گرمی ءَتُست	سپاہی گرمی سے بے ہوش ہو گیا
شوکت وتی گُداں بُر اِت	شوکت اپنے کپڑے لے گیا
بمبے سڑک ءِسرا ترکّ اِت	سڑک پر ایک بم پھٹا
چہ سردی ءَ آپ بد اِت	سردی سے پانی جم گیا
بالی گراب ساعت نہہ ءَبال کُت	جہاز 9 بجے اڑ گیا

من وتی کارکُت	میں نے اپنا کام کیا
توچے وارت ئے	تو نے کیا کھایا
آبازارءَشت اَنت	وہ بازار گئے
صبوراسپءَسوار بوت	صبور گھوڑے پر سوار ہوا
گوات کَشّ اِت	ہوا چلی
لڈّ سرگپت	کاروان چل پڑا۔

ماضی مطلق افعال کی صورت میں

من مروچی بلوچی وانت اُن۔	آج میں نے بلوچی پڑھا
ماں گوں زہگاں بازارءُشُتان	ہم بچوں کے ساتھ بازار گئے
آئی ءَچہ کراچی ءَجرّ آرت	وہ کراچی سے کپڑے لایا
آں گوں وتی سنگتاں آہتنت	وہ اپنے ساتھیوں کے ساتھ آئے
توگوں کئے ءَنان وارت	تو نے کس کے ساتھ کھانا کھایا
شماوتی کار ہلاس کرت	آپ نے اپنا کام ختم کیا۔
من تاں دیرءَ آئی ودارکُت	میں نے دیر تک اس کا انتظار کیا
یک بمبے ایداں ترکّ اِت	ایک بم یہاں پھٹ گیا
زہگاں لیبءُ گوازی کُت	بچوں نے کھیلا کودا
اژسردی ءَآپ بد اِت	سردی سے پانی جم گئے
واجہ ءَدزّ ءَرا گپتءُ جَت	مالک نے چور کو پکڑا اور مارا

منی باسکل ناگت ءَ پُرشت	میری سائیکل اچانک ٹوٹ گئی
چپراستی ءَ در پچ کت	چپڑاسی نے دروازہ کھولا
لشکرد ژمن ءِ سر ءَ مان رِتک	لشکر دشمن پر حملہ کر دیا۔ آدھمکا
آوت ماوت ءَ مڑت انت	وہ آپس میں لڑ پڑے
من ژہ بازار ءَ آڑت آرتن	میں نے بازار سے آٹا لایا
ننکہ راشد آہت ننکہ بلال	نہ کہ راشد آیا نہ کہ بلال
انوں شہ ایداں موٹلے گُوست	ابھی یہاں سے ایک موٹر گزرا
بلوچے ءَ در چکان ءَ بُرّت و بڑت	کسی بلوچ نے درختوں کو کاٹ کر لے گیا
ہر مردم وتی نف وسیت ءَ زانت	ہر شخص اپنے فائدے کو جانتا ہے
جہاز ے ژہ ایداں بال کُت	ایک جہاز یہاں سے اڑ گیا
پولیس ءَ دزّ ءَ گپت جت و کُشت	پولیس نے چور کو پکڑا، اُسے جان سے مار دیا۔

ماضی قریب

ماضی قریب بنانے کیلئے ماضی مطلق کے الفاظ کے ساتھ ''ہ'' کا اضافہ کیا جاتا ہے؟ مثلاً ''وارت'' کے ساتھ ''ہ'' لگانے سے ''وارتہ یعنی کھایا ہے، یا کھا چکا ہے، وغیرہ ماضی قریب بن جاتا ہے۔ ماضی قریب کی گردان کچھ اس طرح ہے :

گردان ..... بات چیت

بلوچی	اُردو
من چہ واب ءَ پاد آ ہتگ اُن	میں نیند سے اُٹھ گیا ہوں۔
ما چہ واب ءَ پاد آ ہتگ اِن	ہم نیند سے اُٹھ گئے ہیں۔
آ چہ واب ءَ پاد آ ہتگ	وہ نیند سے۔ اُٹھ چکا ہے
آ چہ واب ءَ پاد آ ہتگ انت	وہ نیند سے، اُٹھ چکے ہیں
تو چہ واب ءَ پاد آ ہتگ ئے	تو نیند سے اُٹھا ہے۔ اٹھ چکا ہے
شما چہ واب ءَ پاد آ ہتگ اِت	آپ نیند سے اُٹھ گئے ہو۔
من کراچی دیستگ	میں نے کراچی دیکھا ہے
ما کراچی دیستگ	ہم نے کراچی دیکھا ہے
آئی ءَ کراچی دیستگ	اُس نے کراچی دیکھا ہے
آہاں کراچی دیستگ	انہوں نے کراچی دیکھا ہے
تو کراچی دیستگ	آپ نے کراچی دیکھا ہے
شما کراچی دیستگ	تم نے کراچی دیکھا ہے۔

من نان وارتگ	میں نے کھانا کھالیا
مانان وارتگ	ہم نے کھانا کھایا ہے۔
شمانان وارتہ	تو نے کھانا کھایا ہے
شمانان وارتہ	آپ نے کھانا کھایا ہے۔ یا کھا چکے ہیں۔
آئی نان وارتگ	اُس نے کھانا کھایا ہے۔ یا کھا چکا ہے۔
آہاں نان وارتگ۔	اُنہوں نے کھانا کھایا ہے۔ یا کھا چکے ہیں۔
من لوگ ءَشتگ اُن	میں گھر گیا ہوں۔ یا جا چکا ہوں۔
مالوگ ءَشتگ اِن	ہم گھر گئے ہیں۔ یا گھر جا چکے ہیں۔
تولوگ ءَشُتگ ئے	تو گھر گیا ہے یا جا چکا ہے۔
شمالوگ ءَشتگ اِت	آپ گھر گئے ہیں یا گھر جا چکے ہے۔
آلوگ ءَشُتگ	وہ گھر گیا ہے یا جا چکا ہے۔
آلوگ ءَشتگ انت	وہ گھر گئے ہیں یا جا چکے ہیں۔

ماضی بعید

ماضی بعید بنانے کیلئے بلوچی مصدر سے ماضی مطلق بنانے کے بعد اس میں ''ت، تت۔ تہ کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً بلوچی مصدر ''ورگ'' سے ''وارت''، ماضی مطلق بنتا ہے۔ ''وارت''، سے ماضی بعید بنانے کیلئے ''گت'' کا اضافہ کیا جاتا ہے، جو ''وارتگت'' بن جاتا ہے، جس کے معنی کھایا تھا'' ہے۔ اس طرح وارتگت، ماضی بعید بن گیا۔

☆۔ ملاحظہ ہو گردان: ''مصدر ورگ''

بلوچی	اُردو
من وارتگ ات اُن	میں نے کھایا تھا
ماورتگ ات اِن	ہم کھا چکے تھے۔
تو وارتگ ات ئے	تو کھا چکے تھے۔
شما وارتگ ات	تم کھا چکے تھے۔
آئی وارتگ ات	اس نے کھایا تھا۔
آ وارتگ اتنت	وہ کھا چکے تھے۔

ماضی شکیہ

ماضی شکیہ بنانے کیلئے بلوچی میں ماضی مطلق کے آگے ''ہ'' اور ''بیت'' کا اضافہ جاتا ہے۔مثلاً آہگ مصدر سے آہت ماضی مطلق اور اسی آہت میں ''ہ'' بیت، کا اضافہ کریں تو یہ ماضی شکیہ بن جاتا ہے۔مثلاً آہستہ بیت''یعنی آیا ہوگا۔

ملاخطہ ہو۔مصدر آہگ کی گردان

بلوچی	اردو
آ بلکن آ ہتگ	وہ شاہد آیا ہے۔
آ بلکیں آ ہتگ انت	وہ شاہد آئے ہیں۔
من بلکیں آ ہتگ اوں	میں شاہد آیا ہوں
ما بلکیں آ ہتگیں	ہم شاید آئے ہوں
تو بلکیں آ ہتگ ئے	تو شاہد آئے ہو
شما بلکیں آ ہتگ اِت	آپ شاہد آئے ہو
من بلکیں وارتگ	میں نے شاہد کھایا ہے
تو بلکیں شتگ ئے	تم شاہد گیا ہو
آ بلکیں چاہ وارتگ اَنت	اُنہوں نے شاہد چائے پی لی ہیں۔
آ بلکیں پُچّان ئے اش شُشتگ اَنت	اُس نے شاہد کپڑے دھوئیں ہیں۔

ماضی تمنائی

ماضی تمنائی بنانے کیلئے بلوچی مصدر سے ماضی مطلق بنا کر اس کے آگے ''ب'' اور پیچھے ''یا اورن'' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً ''بوتگ'' مصدر سے بوت ماضی مطلق بنتا ہے۔ اس کو ماضی تمنائی میں تبدیل کرنے کیلئے اس کے شروع میں ''ب'' اور آخر میں ''یے ن'' لگایا گیا تو ''بہ بوتین'' بن گیا۔ جو ''ہوتا'' کے معنوں سے ماضی تمنائی بن گیا۔ ماضی تمنائی کی گردان اس طرح ہے۔

بلوچی	اردو
آ آرگ بہ بوتین	وہ لایا ہوتا۔ وہ لائی ہوتی۔
آ آرگ بوتین انت	وہ لائے ہوتے۔ وہ لائی ہوتیں۔
تو آرگ بہ بوتین ئے	تو لایا ہوتا۔ تو لائی ہوتی
شما آرگ بہ بوتین ات	آپ لائے جاتے۔ آپ لائی جاتی
من آرگ بہ بوتین اُن	میں لایا ہوتا۔ میں لائی ہوتی
ما آرگ بہ بوتین ئیں	ہم لائے ہوتے۔
من بہ ونتین اُن	کاش میں پڑھتا
ما بوانتین ئیں	کاش ہم پڑھتے
تو بوانتین تئے	کاش تو پڑھتا
شما بوانتین ات	کاش آپ پڑھتے۔

نُونین پاس.....فعل حال

فعل حال بنانے کیلئے بلوچی مصدر کی علامت ''گ یا غ'' کو ہٹا کر اس کے آخر میں ''ی ت'' لگایا جاتا ہے۔ مثلاً ''وانگ (پڑھنا)'' مصدر کے ''گ'' کو ہٹا کر ''ی ت'' لگانے سے ''وانیت، پڑھتا ہے''۔ فعل حال بن جاتا ہے۔

بلوچی	اُردو
آ وانیت	وہ پڑھتا ہے/ پڑھتی ہے
آ وان اَنت	وہ پڑھتے ہیں/ پڑھتی ہیں
تو وان ئے	تو پڑھتا ہے/ پڑھتی ہے
شما وان اِت	آپ پڑھتے ہو/ پڑھتی ہو
من وانین	میں پڑھتا/ پڑھتی ہوں
ما وان نیں	ہم پڑھتے ہیں/ پڑھتی ہیں
آ گشیت (آ گوشیت)	وہ کہتا ہے/ وہ کہتی ہے
آ گوش انت	وہ کہتے ہیں/ وہ کہتی ہیں
تو گوش ئے	تو کہتا ہے/ تو کہتی ہے
شما گوش اِت	آپ کہتے ہیں/ آپ کہتی ہیں
من گشین	میں کہتا ہوں/ میں کہتی ہوں۔
ما گوشیں	ہم کہتے ہیں/ ہم کہتی ہیں۔
من وسپین	میں سوتا ہوں/ میں سوتی ہوں۔

ماوسپیں	ہم سوتے ہیں/ہم سوتی ہیں۔
تووسپ ئے	توسوتا ہے/توسوتی ہے۔
شماوسپ اِت	آپ سوتے ہیں/آپ سوتی ہیں۔
آوسپیت	وہ سوتا ہے/ وہ سوتی ہے۔
آوسپ اَنت	وہ سوتے ہیں/ وہ سوتی ہیں۔
من نندین	میں بیٹھتا ہوں/ میں بیٹھتی ہوں۔
ماننديں	ہم بیٹھتے ہے/ہم بیٹھتی ہے۔
تونندئے	تو بیٹھتا ہے/تو بیٹھتی ہے۔
شمانند اِت	آپ بیٹھتے ہیں/آپ بیٹھتی ہیں۔
آنندیت	وہ بیٹھتا ہے/ وہ بیٹھتی ہے۔
آنند اَنت	وہ بیٹھتے ہیں/ وہ بیٹھتی ہیں۔
من دوچین	میں سیتا ہوں/ میں سیتی ہوں۔
مادوچیں	ہم سیتے ہیں/ہم سیتی ہوں۔
تودوچ ئے	توسیتا ہے/توسیتی ہے
شمادوچ اِت	آپ سیتے ہیں/آپ سیتی ہیں۔
آدوچیت	وہ سیتا ہے/ وہ سیتی ہے
آدوچ انت	وہ سیتے ہیں/ وہ سیتی ہیں۔
من کنین	میں کرتا ہوں/ میں کرتی ہوں

ماکنیں	ہم کرتے ہیں/ہم کرتی کرتی ہیں۔
مالوٹیں	ہم چاہتے ہیں/ہم چاہتی ہیں۔
من لوٹین	میں چاہتا ہوں/ میں چاہتی ہوں۔
من دئین	میں دیتا ہوں/ میں دیتی ہوں
من گرین	میں لیتا ہوں/ میں لیتی ہوں۔
مادئیں	ہم دیتے ہیں/ہم دیتی ہیں
ماگریں	ہم لیتے ہیں۔/ہم لیتی ہیں۔

فعل حال جاری

فعل حال جاری موجودہ زمانے میں کسی کام کے کرنے یا ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔مثلاً وہ کام کررہا ہے(آ کارکنگ ءِانت) وہ پانی پی رہا ہے(آ آپ ورگ ءِانت)

فعل حال جاری بنانے کیلئے مصدر کی علامت گ کے ساتھ ’ءَ‘ کا اضافہ کرکے صیغوں میں استعمال کیا جاتا ہے مثلاً من روگ ءَاوں، (میں جارہا ہوں) تو روگائے (تو جارہا ہے)۔

فعل حال جاری کی گردان

بلوچی	اُردو
آ وانگ ءَانت	وہ پڑھ رہا ہے۔
آ وانگ ءَانت۔	وہ پڑھ رہے ہیں۔
من وانگ ءَاوں۔	میں پڑھ رہا ہوں۔
ماں وانگ ءَایں	ہم پڑھ رہے ہیں۔
تو وانگ ءَئے	تو پڑھ رہا ہے۔
شما وانگ ءَات	آپ پڑھ رہے ہیں۔

آ ؤ کیں پاس..... فعل مستقبل

بلوچی میں فعل مستقبل بنانے کے لئے مصدر کی علامت ''گ'' کو ہٹا کر ''ی اور ''ت'' کا اضافہ کیا جاتا ہے۔ مثلاً؛ وانگ (پڑھنا) مصدر کے گ کو ہٹا کر ی ت' لگانے سے ''وانیت'' ''پڑھ گا''۔ فعل مستقبل ہے۔ لیکن بلوچی میں فعل حال اور فعل مستقبل ایک ہی طرح سے بنتے ہیں؛ مثلاً اگر ہم لکھیں ''آ کتاب وانیت'' تو یہ جملہ دونوں معنی دیگا یعنی ''وہ پڑھتا ہے'' بھی ہوسکتا ہے اور وہ پڑھے گا، بھی ہوسکتا ہے۔

فعل مستقبل کی گردان

بلوچی	اُردو
آ کتاب وانیت	وہ کتاب پڑھے گا۔
آ کتاب وان انت	وہ کتاب پڑھیں گے۔
تو کتاب وان ئے	تو کتاب پڑھے گا۔
شما کتاب وان اِت	آپ کتاب پڑھیں گے۔
من کتاب وانین	میں کتاب پڑھوں گا۔
ما کتاب وانیں	ہم کتاب پڑھیں گے۔
من نان وریں	میں روٹی کھاؤں گا۔
مانان وریں	ہم روٹی کھائیں گے۔
تونان ورئے	تو روٹی کھائے گا۔
شمانان وراِت	آپ روٹی کھائیں گے۔
آ نان وارت	وہ روٹی کھائے گا۔
آ نان وراَنت	وہ روٹی کھائیں گے۔

پرمان لوز.....فعل امر

فعل امر بنانے کے دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ مصدر کی علامت ''گ یا غ'' ہٹا کر لفظ کے شروع میں حرف ''ب'' لگانے سے فعل امر بنتا ہے۔ مثلاً۔ (جنگ'' مارنا) کے ''گ کو ہٹا کر شروع میں ''ب'' لگانے سے (بہ جن، مارو) بن گیا جو فعل امر ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ مصدر کے ''گ یا غ'' کو ہٹانے کے بعد جو لفظ باقی رہ جاتا ہے، وہ فعل امر ہے۔ مثلاً؛ ''جَنگ'' (مارنا) کے ''گ'' کو ہٹانے سے ''جن'' (مارو) بن گیا۔

فعل امر

مصدر	پہلا طریقہ	دوسرا طریقہ
جَنگ	بہ جن (مارو)	جن (مارو)
ورگ (کھانا)	بہ وَر (کھاؤ)	ور (کھاؤ)
دیگ دینا	بہ دئے (دے دو)	دئے (دے دو)
بَرَگ (لے جانا	بہ بَر (لے جاؤ)	بر (لے جاؤ)
نندگ (بیٹھنا)	بہ نند (بیٹھو)	نند (بیٹھو)
وانگ (پڑھنا)	بہ وان (پڑھو)	وان (پڑھو)
گوشگ (کہنا)	بہ گوش (کہو)	گوش (کہو)
لوٹگ (مانگنا)	بہ لوٹ (مانگو)	لوٹ (مانگو)

فعل نہی

فعل نہی بنانے کے بھی دو طریقے ہیں۔ پہلا طریقہ یہ ہے کہ مصدر کی علامت ''گ یا غ'' کو ہٹا کر لفظ کے شروع میں ''مہ'' لگانے سے فعل نہی بنتا ہے مصدر ''جَنگ'' (مارنا) کے ''گ'' کو ہٹا کر لفظ کے شروع میں ''مہ'' لگانے سے مہ جن (مت مارو) فعل نہی بن جاتا ہے۔ دوسرا طریقہ یہ ہے کہ لفظ کے شروع میں ''مہ'' کی بجائے ''نہ'' لگا دیا جاتا ہے تو بھی فعل نہی بنتا ہے مثلاً مصدر ''جَنگ'' (مارنا) کے گ کو ہٹانے کے بعد لفظ کے شروع میں ''نہ'' لگانے سے ''نہ جن'' (مت مارو) فعل نہی بن گیا۔

فعل نہی

مصدر	پہلا طریقہ	دوسرا طریقہ
جَنگ (مارنا)	مہ جن (نہ مارو)	نہ جن (نہ مارو)
وَرگ (کھانا)	مہ ور (مت کھاؤ)	نہ ور (مت کھاؤ)
دیگ (دینا)	مہ دئے (نہ دو)	نہ دئے (نہ دو)
وانگ (پڑھنا)	مہ وان (مت پڑھو)	نہ وان (مت پڑھو)
روگ (جانا)	مہ رو (مت جاؤ)	نہ رو (مت جاؤ)
وسپگ (سونا)	مہ وسپ (مت سو)	نہ وسپ (مت سو)
کنگ (کرنا)	مہ کن (مت کرو)	نہ کن (مت مانگو)
لوٹگ (مانگنا)	مہ لوٹ (مت مانگو)	نہ لوٹ (مت مانگو)
دیگ (دینا)	مہ دئے (مت دو)	نہ دئے (نہ دو)

فعل ثبت

فعل ثبت کام کے واقع ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ مثلاً ”آشت“ (وہ گیا) من رواں۔ یا رویں (میں جاؤں گا۔ آجت (اس نے مارا)

بلوچی	اُردو
الیاس وپت	الیاس سویا
آ دُزّءَ راجت	اس نے چور کو مارا
آ کراچی ءُشتنت	وہ کراچی گئے
من وتی کار ہلاس کرت	میں نے اپنا کام ختم کیا
آ ہی وتی سبق ونت	اس نے اپنا سبق پڑھا
توزی دی آہتئے	تو کل بھی آیا
شماوتی لوگ ءُشتِت	آپ اپنے گھر گئے
مانگن وارتگ	ہم نے کھانا کھالیا

فعل منفی

یہ فعل کام کے واقع نہ ہونے کو ظاہر کرتا ہے۔ اس کو بنانے کا طریقہ یہ ہے کہ فعل مثبت کے سامنے ''نہ'' کا لفظ بڑھایا جاتا ہے؛ مثلاً۔

بلوچی	اُردو
آ نہ شت	وہ نہیں گیا
آئی نہ ونت	اس نے نہیں پڑھا
من نان نہ وارتہ	میں نے کھانا نہیں کھایا
تو ہچ نہ کرتہ	تو نے کچھ نہیں کیا۔
ماروگ ءَ نہ اتیں	ہم جا نہیں رہے تھے۔
آئی مہ وارتین اَت	وہ نہیں کھایا ہوتا۔

کارءِ وخت/ وہد یا پاس ءِ نام.....ظرف زمان

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
انوں۔نیں	ابھی	دیر	دیر
رندا۔پدا	بعد میں۔پھر	بے وہد	تاخیر
گڑا	پھر۔تب	چہ ایشی رندءِ ہم	اس کے بعد بھی
بازبراں	بارہا	پوشی	پرسوں
یک برا	ایک مرتبہ	روٹِک	سورج تڑکے
وہدے وہدے	کبھی کبھی	چہ وہدءِ	کس وقت
باندا	کل (آنے والا)	چہ ایشی پیش	اس سے پیشتر
زی	کل (گذشتہ)	ہر وہد/ مدام	ہر وقت
زوت	فوراً۔جلد	دگہ وہدے	کسی اور وقت
ہر روچ۔ ہمک روچ	روزانہ	دم دمءِ	بار بار
چہ ہما وہدءِ	اُس وقت سے۔ تب سے	ہر وہدے کہ	جب بھی
سرءِ۔پیشءِ	پہلے	بیگاہ	سہ پہر
دوشی	گذشتہ شب	روچ برکت	غروب آفتاب

چہ ایشی رندءَ	اس کے بعد	ناگتا	اچانک
مروچی باندا	آج کل	درابیں روچ	دن بھر
اے روچاں	ان دنوں	ہر برا۔ ہر وہدءَ	ہر موقع پر۔ ہمیشہ
دیم ءِ برءَ	اگلی دفعہ	چدوپیش	اس سے پیشتر
تاں اے وہدءَ	اِس وقت تک	دگہ برے	کسی اور وقت
وہد ءِ سرءَ	بروقت	اے وہدی	اس وقت
چدوپیش	اس سے پہلے	ہر وہد	ہر وقت
مدام	ہمیشہ	پرندوشی	پرسوں رات
اِدا	یہاں	اودا	وہاں
مَہلہ۔ مالہ	سویرے	کدی کدی	کبھی کبھی
نون۔ انوں	ابھی	وارودم	گھڑی، گھڑی
بیگاہ	سہ پہر	بازبراں	کئی مرتبہ
نماشام	مغرب	دیگر	عصر
دگہ وختے	پھر	نیم روچ	دوپہر
رندا	بعد میں	پیسرا	پہلے
برے برے	کبھی کبھی	بازبراں	متعدد بار

ظرف مکان

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
دیما	سامنے۔آ گے	چہ بُرزا	اُوپر سے
پیش ءَ	پہلے	جہل	نیچے
پُشت ءَ	پچھلی طرف	ایدا	یہاں
پدا	پیچھے/ بعد میں	اودا	وہاں
رند	بعد۔پیچھے	کجا	کہاں
رند۔پد	نشان پا	دور	دور
دیم پہ دیم	روبرو۔باالمقابل	نزینک۔نزیک	نزدیک
نیمگ۔پلّو	طرف۔جانب	ہمودا	وہیں۔
گوڑ ءَ۔کِرّ ءَ	پہلو سے۔ قریب سے	ہمیدا	یہیں
نیامجی۔نیامجین	درمیان	کِرّ و گوڑاں	گردنواح میں
ہر نیمگ ءَ	ہر طرف	ہمے ساعت ءَ	اِسی وقت
دگہ نیمگے ءَ	کسی اور جانب سے	چد و پیش	اس سے پیشتر
تہا	اندر	ہر برا۔ہر وہد	ہر دفعہ۔ہر وقت

توک ءَ	بیچ میں	سربر	اُوپر
چکّ ءَ	اُوپر	ہرہندا	ہرجگہ
چیر ءَ	نیچے	کجانگو	کدھر
لاف ءَ	بیچ میں	سرون	سرکی جانب
وٹّ ءَ	سمت	پادون ءَ	پاٹھتی کی جانب
ڈنّ ءَ	باہر	برزا	اوپر
سرا	اُوپر	درا	باہر
پلّو ءَ	طرف جانب	نیمگ ءَ	طرف
کش ءَ	پہلومیں	تک ءَ	طرف

حروف شرط

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اگہ۔اگن	اگر	وہدے کہ	جس وقت۔جب
ہرکجا	جہاں	بلکن	شاید
ہرچون کہ	جیسے کہ	ہرکس ءَ	جس کو
ہروڑ۔ہرڈول	جس طرح	ہرکجام	جوبھی۔جوکوئی
ہرجاہ کہ	جہاں کہ	ہروخت	ہمیشہ

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
اگہ تو نہ آہت ئے گڑامنا حال دئے	اگر تو نہیں آیا تو مجھے اطلاع کرنا
بلکن شا کر باندا بہ ئیت	شاید شا کر کل آئے
ہر وڑ کہ بہ بیت تو بیا	جس طرح بھی ہو تم آؤ
ہر چون کہ لوٹ ئے	جیسے چاہتے ہو
ہر جاہ کہ مہر ہست، ہمودا برو	جہاں محبت ہو وہاں جاؤ
وہدے کہ آ آہت، ہلک لڈّ تگ ات	جب وہ آیا تو خاندان کو چ کر گیا تھا۔
ترا ہر کجام کتاب دوست انت بہ برئے	تجھے جو بھی کتاب پسند ہے لے جاؤ۔

خوش آمدید کے الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
وش آہت ئے	خوش آمدید آؤ خیر سے	آہت ئے پہ خیر واجہ	آئے جناب خیر سے
بیا پہ خیر	آؤ خیر سے	بیا واجہ بہ نند	آئیں جناب تشریف رکھیں
بیا تر اخدا بیاریت	آؤ خدا تمہیں لائے	ماندگ مہ بئے	ماندہ نہ باشی
وش نام بہ بئے	تو نیک نام رہے	حوال کن	حال احوال سنائیں
اللہ سپا روک	خدا حافظ	اللہ ءِ امان ءَ ئے	اللہ کی امان میں ہو

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
محمد الیاس وش آہت ئے	محمد الیاس خوش آمدید، آؤ خیر سے
بیا صبور جان تر اخدا بیاریت	آؤ صبور جان، خدا تجھے لائے.
فیصل جان! وش نام بہ بئے۔	فیصل جان! تو نیک نام رہے۔
بیا واجہ بندیگ بہ نند۔	آئیں جناب بندیگ تشریف رکھیں۔
واجہ روئے، اللہ ءِ امان ءَ ئے	جناب جاتے ہو، اللہ کی امان میں ہو۔

دعائیہ فقرے

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
حداخیر بہ کنت	خداخیر کرے	خدائی امان ءَ ئے	اللہ کی امان میں ہو
حدامہ کنت	خدانہ کرے	خداترا روزخیرے دنت	خداتیرا بھلا کرے
حدامیاریت	خدانہ لائے	خداترا سبز بکنت	خداتجھے آباد کرے
سبز بہ بئے	تو پھلے پھولے	خدائے بہ بخشیت	خدااسے بخش دے مغفرت کرے
شالہ	خدا کرے	خدا بہ کنت	خدا کرے

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
توشرّیں کار کتگ،خداترا روزخیرے بہ دنت	تونے اچھا کام کیا ہے،خداتیرا بھلا کرے۔
ہر مردم ءِ سر ءَ خداویل میاریت	ہر آدمی پر خدا مصیبت نہ لائے۔
تو جوانیں مردمے ئے،خداترا سبز بہ کنت	تو اچھا آدمی ہے خداتجھے آباد کرے۔
حاجی قیوم بیراں بوتگ۔خدائے بہ بخشیت	حاجی قیوم فوت ہوا ہے،خدااسے بخش دے
خدا بہ کنت کہ امبران ہؤر بہ بیت	خدا کرے کہ اس سال بارش ہو۔

کلمہ استعجاب

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
پھیا	ہے ہے	اڑے	ارے
مار!	اوہو	بیا گوش دار	آؤ سنو
اوخو!	اوہو	اودا بچار	اُدھر دیکھ
عجب	عجیب	تے تے	

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
نوں چیا تے تے ئے کن	اب تے تے کیوں کرتے ہو۔
پھیا اے شپ چون تہارانت۔	ہے ہے۔ یہ رات کیسے تاریک ہے۔
مار، اڑے کوئٹہ چون دورانت۔	اوہو، ارے کوئٹہ کیسے دور ہے۔
پُخو اوخوا ے شیر چون وش انت۔	اوہو! یہ دودھ کیسے میٹھے ہیں۔
عجب انت تئ گپ۔	عجب ہے تری بات
اڑے من ءَ پر تو مارے بہ وارت	یار مجھے تیرے لیے سانپ کاٹے
بیاءُ گوشدارا ے واجہ چے گوشیت	آؤ سنو! یہ صاحب کیا کہتا ہے۔
اودا بہ چار مرگان ءَ چون بال انت۔	اُدھر دیکھو پرندے کیسے اُڑ رہے ہیں۔
بیاءُ بہ گِندمنی حال ءَ کہ چُون اُن	دیکھ میرا حال کس طرح ہوں

نفرت کے الفاظ

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اُنہہ	اونہوں	پچے نا	کیوں نہ
آ نگوبو۔ دُوربو	دور ہوجا	دوردور	پرے، پرے
بیزار	بیزار	توبہ،توبہ	توبہ توبہ
بروڈے	جاؤارے	پِٹ پِٹ	لعنت
پِٹّ ڈے/ ہیٹ ڈے	حیف	حیف	حیف

گپّ وتران۔ بات چیت

بلوچی	اُردو
انہہ اے چے بوت	اونہوں، یہ کیا ہوا
آ نگو بُوڑے تو مزنیں زانت کارے ئے	دور ہوجاؤ، رے تم بڑا دانشور ہے۔
من ءَ بیزار انت اچ تئ پال ءَ	مجھے بیزار ہے تیری صورت سے
بُروڑے، زندہ شرّ	جاؤرے، زندہ بدنام
پِٹّ ڑے دنیا ءَ پہ کس ءَ وفا نیست	لعنت ہے دنیا کو کسی کیلئے وفا نہیں۔
آ نگو بُروڑے تو مزنیں زانتکارے ئے پچے نہ بیت اے کار۔	ہٹ جاؤ تم بڑا ماہر ہو، کیوں یہ کام نہیں ہوتا
دوردوراڑے دوردور ہے آپاں مَریچ ات۔	پرے پرے یہ پانی یہاں نہ گرا ہیں

توبہ توبہ چشین شیطانیں گونڈو	توبہ، توبہ ایسے شریر بچے
پٹ ڈے امروز وَ نندگی جا ہے نہ انت۔	حیف ہے امروز بیٹھنے کی جگہ نہیں
حیف انت ترا انکسیں کاریں ہم کرت نہ کن ئے	حیف ہے تجھے اتنا سا کام بھی نہیں کر سکتے

کلمہ ستائش

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
واہ	شاباش	شاباش	آفرین
شُکُر	اچھا ہوا۔شکر	واہ واہ	بہت اچھے
شرّ	خوب	جوان	اَچھا
بلے بلے	بہت خوب	شَرّ	اَچھا

گپّ وتران۔ بات چیت

بلوچی	اُردو
واہ واہ! منی چُک پاس بوت	واہ! واہ! میرا بچہ پاس ہو گیا۔
تراشاباش کہ تو کٹّت ئے	آفرین کہ تو جیت گیا۔
شکر اِنت کہ تو آہت ئے	اچھا ہوا کہ تو آیا۔
بلے بلے کہ لڈّ سر گپت	بہت خوب کہ کاروان چل پڑا

سوگندءِ لوز۔۔۔حروف قَسم

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
پہ خدا	بہ خدا	پہ قرآن	قرآن کی قسم
پہ خدا بچار	خدا کے لئے	خداءِ قسم	خدا کی قسم
پہ رسولءَ	رسول کی قسم	پہ غوثءَ	غوث کی قسم
سوگندانت	قسم ہے	بہ خدا درا انت	خدا پر عیاں ہے
خدا شاہدانت	خدا گواہ ہے	چمانی مٹ بہ بیت	آنکھوں کی قسم

گپّ وتران۔ بات چیت

بلوچی	اُردو
پہ خدا من سہی نہ اُن	بہ خدا مجھے معلوم نہیں ہے
پہ خدا بچار دروگ مہ بند	خدا کے لیے جھوٹ نہ بولیں
سوگندانت کہ من ترا بد نہ گوشتگ	قسم ہے کہ میں نے تجھے برا بھلا نہیں کہا ہے۔
خدا شاہدانت کہ گوں من زرّ نیست۔	خدا گواہ ہے کہ میرے پاس پیسہ نہیں ہے۔
بہ خدا دَرا اِنت کہ منی کیتوءِ ہچی نیست	خدا پر عیاں ہے کہ میری جیب میں کچھ نہیں ہے۔

ارمان ءِلوٗز.....حروف تاسف

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
ارمان	افسوس	اُف۔	اُف۔آہ
اُخو	افسوس	اُفّڑے	آہ
اُج	اُفّ	لبّوہ	آہ

گپ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
ماراواجہ آزات ءِمرک ءِسک ارمان انت	ہمیں جناب آزاد کی وفات کا بہت افسوس ہے
اُفّ ڑے جانان نا گمان گرگ بوت	آہ! جانان اچانک گرفتار ہوئے۔
اُج ایمل یک برے پدا فیل بوت۔	اُف، ایمل ایک بار پھر فیل ہوا۔

شرّ وجوانی.....انسانی اوصاف/ خاصیت

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
راستیں	سچا	ایماندار	دیانت دار
دروگ بند	جھوٹا	سنگینیں	سنجیدہ
چالاک	چالاک	سرپدیں	دانا۔دانشور
دلاوریں	بہادر	بےایمان	بددیانت
بےوپا	بےوفا	بیکار	بیکار
بےوس	بےبس۔ بےیارومددگار	احمق	احمق
لگور	ڈرپوک،بزدل	سست	سست
بخیل	بخیل۔کنجوس	گستاخ	بےادب
ٹھگّ	ٹھگ	ورنا	جوان
نمازی	نمازی	حاجی	حاجی
پہریزگار	پرہیزگار	شَرّ	اچھا
شِرّ	بُرا	ہڑسی/ہرسی	لالچی،حرص
خانوادہ	شریف	لنگ	لنگڑا

گنگ	گونگا	کور	اندھا
کرّ	بہرا	بلّل	توتلا
کدڑا	ٹھگنا	سنگت	دوست، ساتھی
دزگہار	سہیلی	لچر	شریر، بدمعاش

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
راستیں گپ ہر کس ءِ دوست بیت	سچی بات ہر کوئی کو پسند کرتا ہے
ایمانداری شرّیں چیزے	دیانتداری بہترین چیز ہے۔
دروگ بند کس ءِ دوست نہ انت	جھوٹا کسی کو پسند نہیں
دشتی سنگینیں مردمے	دشتی سنجیدہ آدمی ہے
سرپدیں مردم ءِ صلاح ءَ بگر	دانا شخص سے مشورہ لو
گوں بے وپاءَ دوستی مہ کن	بے وفا سے دوستی نہ کریں
خدا مردم ءَ گنگ، لنگ، کور ءُ کرّ مہ کنت	خدا انسان کو گونگا، لنگڑا، اندھا اور بہرا نہیں کرے
لگوریں مردم ءَ وتی سنگت مہ کن	بزدل شخص کو اپنا دوست مت بناؤ

سپتّی نام.....اسم صفت

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اوّلی	پہلا۔اگلا	سُہریں	سرخا
سرءِ	اوّل الذکر۔گذشتہ	سُہر	سرخ۔لال
چہ سرءَ	پہلے سے اِبتدا سے	سبز	نیلا
پدءِ پُشت ءِ	پچھلا۔پچھلی۔آخری	شونز	ہرا
کِرّءِ	کنارے والا	زرد	پیلا
دورءِ	دور کی	سیاہ	کالا
بے وہد	بے وقت۔تاخیر	اسپیت	سفید
مہالہ	سویرے۔جلدی	جوان	اچھا
سُبکیں	ہلکا	شرّ	اچھا
گرانیں	وزن دار۔سنجیدہ	بد	بد۔بُرا
دژاج	لمبا	گندہ	بُرا۔گندہ
گونڈ	چھوٹا۔کوتاہ	حراب	خراب
پٹّک	کوتاہ قد	شِرّ	بدنام
کسان	چھوٹا	بُود	لائق
لاگر	دُبلا	نابود۔بودلاّ	نالائق

بارگ	پتلا	ہزگار	دولت مند
نیزگار	غریب۔	زنڈ	موٹا
ناپوہ	نادان۔جاہل	پراہ	چوڑا
ناترس	بے رحم۔ظالم	جُھل	گہرا
بے میار	بے شرم	ناجوڑ۔ بیمار	بیمار
تا	طاق	خداترس	رحم دل، خدا سے ڈرنے والا
جپت	جفت۔جوڑی	دیم روشن	خوش مزاج
دیم تہار	ترش رو	پہ دیم	بے تُکا
ماہ گونگ	چاند سا	سر اِلہ، سریلہ	آوارہ
ربودگ	باتونی (نالائق)	شیوار	ہوشیار۔ چالاک
وش گپّ	خوش لسان	پیتاپ	دُوپ
واننده	تعلیمیافتہ	ملول (ملور)	غمگین۔ملول
کارساز	مددگار۔کارساز	جور	تلخ۔کڑوا۔زہر
وش	میٹھا	تہار	تاریک
مچوک	دودھ پینے والا بچہ	لیگار	گدلا
لگور	ڈرپوک	راستگو	سچ بولنے والا۔سچا
دلاور	نڈر۔ بہادر	بدبخت	بدقسمت

گژنگ۔ شدیگ	بھوکا	سرد	ٹھنڈا
چوٹ	ٹیڑھا	ٹُرند	تیز۔شوخ
دلجم	مطمئن۔دلجم	پریبی	فریبی
نادیستہ (ندیستگ)	نادیدہ	مکری	مکار
چم جہل	بےغیرت، بےشرّم	نیک	اچھا۔نیک
سیانڑ	سیانا۔ہوشیار	وش لسان	شیرین گفتار
ناواننده	ان پڑھ	پہوال	خانہ بدوش
بےزبان	کم گو	تہل	تلخ۔کڑوا
سور	کھٹا	نازرک	نازک
گروشک	چمک،خوشرو،صاف	نرم	نرم
راست	سیدھا،سچ	ڈڈّ	سخت
نیک بخت	خوش قسمت	شُوم	بدقسمت۔منحوس
یخ	سرد	بےمزہ بےتام	پھیکا۔بےمزہ
دروگ بند	جھوٹ بولنے والا	بےجارات	بےقرار
بہادر	بہادر	لگور	بزدل

نرومادگ.....تذکیروتانیث

بلوچی افعال میں فارسی کی طرح تذکیروتانیث کاامتیاز نہیں۔البتہ جاندار اسماء کی تذکیروتانیث جوحقیقی کہلاتے ہیں اور جن کے قدرتی طور پر جوڑے موجود ہیں۔ان کے لئے الگ الگ الفاظ وضع کئے گئے ہیں۔

☆۔انسانی تذکیروتانیث

تذکیر۔بلوچی	تذکیر۔اُردو	تانیث۔بلوچی	تانیث۔اُردو
پشّ۔پت	باپ	مات۔ماث	ماں
ابّا	ابّو	جن۔جنین	بیوی
مرد	خاوند	گُہار/ گوہار	بہن
برات۔براث	بھائی	نیاڑی	عورت
نرینہ۔مردیں زہگ	مرد	بانک	مالکن/محترمہ
واجہ	مالک/ جناب	لوگ بانک	بیوی
لوگ واجہ/ جود	شوہر	مولد	کنیز
گلام	غلام	جنئک	لڑکی
بچک	لڑکا	بلّک	دادی۔نانی
پیرک	دادا۔نانا	ناکو	چچا۔ماموں۔خالو
وسّو	ساس	وسرِک	خسر۔سسر
زاماس	داماد	نشار	بہو/بھابھی

ادا	بھیا	ادی	باجی آپا
تپارک/ پتو/ پسّو	سوتیلا باپ	ماتو	سوتیلی ماں
ناکو	چچا، ماموں، خالو، پھوپھا	ترو	چچی، خالہ، پھوپھی مامی

ساہدارانی نرومادگ .....جیوانات کی تذکیروتانیث

تذکیربلوچی	تذکیر۔اُردو	تانیث۔بلوچی	تانیث۔اُردو
کائیگر	بیل	ڈگّی	گائے
لیڑہ	اُونٹ	ڈاچی	اُونٹنی
نراز	کُتا	مِنڈ	کتیا
نریان	گھوڑا۔گدھا	مادیان	گھوڑی۔گدھی
لاگ	گدھا	مادیان	گدھی
کاریگر	بیل	گوک	گائے اوربیل دونوں
کوانٹ	جوان اُونٹ	پُرّآپ	اونٹنی یا گائے کی بچی
بانگو	مرغا	نکینک	مرغی
گُرانڈ	دُنبہ	میش/ پس	بھیڑ
پاچن	بکرا	بُز	بکری

جن جاندار اسماً کے مذکرّ ہ مؤنث کے لئے الفاظ موجود نہ ہوں۔تو اس صورت میں مذکّر ومؤنث میں تمیز کے لئے فارسی کے طریقہ کے مطابق لفظ ''نر یا مادہ'' زائد کیا جاتا ہے؟ مثلاً:

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
نرین صید	نر ہرن	مادگیں مار	مادہ سانپ
مادگیں کپوت	مادہ کبوتر	نرین مار	نر سانپ
نرین کپوت	نر کبوتر	نرین مُرگ	نر مُرگ
نرین شادو	نر بندر	نرین زُوم	نر بچھو
مادگیں شادو	مادہ بندر	نرین گودِرّ	نر بھڑ (ڈیمو)
مادگین صید	مادہ ہرن	مادگیں گودِرّ	مادہ بھڑ (ڈیمو)

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
نرین شادوزوت درچک ءَ لِکّ کپیت	نر بندر جلد درخت پر چڑھ جاتا ہے۔
مادگیں مار ءِ زہر مردم ءَ کُشیت	مادہ سانپ کا زہر آدمی کو ہلاک کرتا ہے
نرین ءُ مادگیں کپوت چاہانی تہا رُدنت	نر اور مادہ کبوتر کنوؤں میں پرورش پاتے ہیں

اِعداد و شمار

☆۔ اعداد و شمار کے سلسلے میں بلوچی میں فارسی کے اعداد مستعمل ہیں۔

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
یک	ایک	بیست و یک	اکیس
دو	دو	بیست و دو	بائیس
سئے	تین	بیست و سئے	تئیس
چار	چار	بیست و چار	چوبیس
پنج	پانچ	بیست و پنج	پچیس
شش	چھ	بیست و شش	چھبیس
ہپت/ ہفت	سات	بیست و ہپت	ستائیس
ہشت	آٹھ	بیست و ہشت	اٹھائیس
نُہہ	نو	بیست و نہہ	انتیس
دہ	دس	سی	تیس
یازدہ	گیارہ	سی و یک	اکیتس
دوازدہ	بارہ	سی و دو	بتیس
سیزدہ	تیرہ	سی و سئے	تینتیس
چاردہ	چودہ	سی و چار	چونتیس
پانزدہ	پندرہ	سی و پنج	پینتیس

شانزدہ	سولہ	سی وشش	چھبیس
ہفدہ/ہبدہ	سترہ	سی وہپت	سینتیس
ہژدہ	اٹھارہ	سی وہشت	اڑتیس
نوزدہ	اُنیس	سی ونہہ	انتالیس
بیست	بیس	چِل	چالیس
چل ویک	اکتالیس	شست و ہفت	ستاسٹھ
چل ودو	بیالیس	شست وہشت	اڑسٹھ
چل وسئے	تینتالیس	شست ونہہ	انہتر
چل وچار	چوالیس	ہپتاد	ستر
چل وپنج	پینتالیس	ہپتادویک	اکہتر
چل وشش	چھیتالیس	ہپتادودو	بہتر
چل وہپت	سینتالیس	ہپتادسئے	تہتر
چل وہشت	اڑتالیس	ہپتادوچار	چُہتر
چل ونہہ	اُنچاس	ہپتادوپنج	پچتر
پنجاہ	پچاس	ہپتادوشش	چھہتر
پنجاہ ویک	اکاوں	ہپتادوہپت	ستہتر
پنجاہ دو	باون	ہپتادوہشت	اٹھاسی
پنجاہ سئے	ترپن	ہپتادونہہ	انہتر

پنجاہ و چار	چون	ہشتاد	اسی
پنجاہ و پنج	پچپن	ہشتاد و یک	اکاسی
پنجاہ و شش	چھپن	ہشتاد و دو	بیاسی
پنجاہ و ہپت	ستاون	ہشتاد و سئے	تراسی
پنجاہ و ہشت	اٹھاون	ہشتاد چار	چُراسی
پنجاہ و نہہ	اُنسٹھ	ہشتاد پنج	پچاسی
شست	ساٹھ	ہشتاد شش	چھیاسی
شست و یک	اکسٹھ	ہشتاد ہفت	ستاسی
شست و دو	باسٹھ	ہشتاد ہشت	اٹھاسی
شست و سئے	تریسٹھ	ہشتاد نہہ	نواسی
شست و چار	چونسٹھ	نود	نوے
شست و پنج	پینسٹھ	نود و یک	اکانوے
شست و شش	چھیاسٹھ	نود و دو	بیانوے
نود و سئے	ترانوے	چار سد	چارسو
نود و چار	چرانوے	پنج صد	پانچ سو
نود و پنج	پچانوے	شش صد	چھ سو
نود و شش	چھیانوے	ہفت صد	سات سو
نود و ہفت	ستانوے	ہشت صد	آٹھ سو

نودہشت	اَٹھانوے	نہہ صد	نوسو
نودونُہہ	ننانوے	ہزار	ہزار
صد	سو	لکھ	لاکھ
دوصد	دوسو	دہ لکھ	دس لاکھ
سئے صد	تین سو	یک کروڑ	دہ کروڑ

رِد.....ترتیب

ترتیب کے لئے بلوچی میں عدد کے آخر میں ''می'' لگادیا جاتا ہے۔مثلاً:

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
یکمی	پہلا۔پہلی	پنجمی	پانچواں
دومی	دوسرا۔دوسری	ششمی	چھٹا
سیمی	تیسرا	صدمی	سواں
چارمی	چوتھا۔چوتھی	ہزارمی	ہزارواں

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
ایمل اولی ءَوانگ ءَانت	ایمل پہلی میں پڑھ رہا ہے۔
اے دومی سال انت کہ ہؤ رنہ بوتہ۔	یہ دوسرا سال ہے جو بارش نہیں ہوئی۔
بزگر زمیندار ءَ راپسل ءِ چارمی بہر ءَ دنت	کاشتکار زمیندار کو فصل کا چوتھا حصّہ دیتا ہے۔
فیصل منی پنجمی زہگ انت	فیصل میرا پانچواں بیٹا ہے۔
مدثر ششمی ءَوانگ ءَانت	مدثر چھٹی میں پڑھ رہا ہے۔
ربیع الاول سال ءِ سیمی ماہ انت	ربیع الاول سال کا تیسرا مہینہ ہے۔
ہزار ءِ صدمی بہر دہ اِنت	ہزار کا سوواں حصّہ دس ہے۔
لکھ ءِ ہزارمی بہر دہ انت	لاکھ کا ہزارواں حصّہ دس ہے۔

نیم ءُ چُنڈ.....کسر

0۔کسر حساب کے لئے بلوچی میں مندرجہ ذیل الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
نیم	آدھا	سئے یک	تیسرا حصّہ
چارک	چوتھا حصّہ	پنچک	پانچواں حصّہ
ششک	چھٹا حصّہ	ہفتک	ساتواں حصہ
ہشتک	آٹھواں حصّہ	نُہک	نواں حصّہ
دہک	دسواں حصّہ	دو بہر	دو حصّے
یک ونیم	ڈیڑھ	دو ءُ نیم	ڈھائی
سئے ءُ نیم	ساڑھے تین	نیم و چُنڈ	کسر

گپّ ءِ تران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
اے باگ ءِ نیم منی انت۔	اس باغ کا آدھا حصّہ میرا ہے۔
سردار فصل ءِ سئے یک و چارک گرنت۔	سردار فصل کا تیسرا اور چوتھا حصّہ لیتے ہیں۔
پٹاٹہ یک ونیم روپی کلوانت۔	آلو ڈیڑھ روپے کلو ہے۔
یک مڑدے گُشت کہ من دو بہر گراں۔	ایک شخص نے کہا کہ میں دو حصّے لیتا ہوں۔

استغراق

بلوچی میں استغراق کے سلسلے میں ہر عدد سے پہلے ''ہر'' کا لفظ لگایا جاتا ہے۔ مثلاً:

بلوچی	اُردو
ہر یک	ہر ایک
ہر دو	دونوں
ہر پنچ	پانچوں
ہر شش	چھ کے چھ
ہر ہفت (ہپت)	ساتوں
ہر ہشت	آٹھوں
ہر دوسر	دونوں
ہر سئے	تینوں
ہر چار	چاروں
ہر ہپتین	ساتوں

یک وبازی.....واحد جمع

بلوچی میں واحد سے جمع بنانے کے لئے واحد اسم کے آخر میں ''ان'' لگادیا جاتا ہے، مثلاً

واحد	جمع	واحد	جمع
زہگ	زہگاں	نگن	نگناں
کتاب	کتاباں	مردم	مردماں
شیر	شیراں	گوک	گوکاں
چشمک	چشمکاں	بُز	بُزاں

☆۔ جانوروں کے ہجوم کے لئے بلوچی میں مندرجہ ذیل الفاظ استعمال ہوتے ہیں۔

بلوچی	اُردو
بُزگل	بکریوں کا ریوڑ
میش گل	بھیڑوں کا ریوڑ
رَمگ	بھیڑوں اور بکریوں کا ریوڑ
باہر	گدھوں کا گلہ
گلگ	گھوڑوں کا گلہ
گورُم	گائے اور بیلوں کا ریوڑ
بَگ	اُونٹوں کا ریوڑ
گلیسگ	کُتوں کا گلہ
مُچی	انسانوں کا ہجوم
جلاّب یارم	پرندوں کا ہجوم

وہد بازی.....جمع الوقت

جمع الوقت کے لئے پہلے ایک اعداد کے آخر میں ''برے'' اور باقی اعداد کے آخر میں ''براں'' کا لفظ بڑھایا جاتا ہے؛ مثلاً:

بلوچی	اُردو
یک برے/ببرے	ایک مرتبہ
دو براں	دو مرتبہ
سئے براں	تین مرتبہ
چار براں	چار مرتبہ
پنج براں	پانچ مرتبہ
شش براں	چھ مرتبہ
ہپت براں	سات مرتبہ
ہشت براں	آٹھ مرتبہ
نہہ براں	نو مرتبہ
دہ براں	دس مرتبہ
بیست براں	بیس مرتبہ
صد براں	سو مرتبہ
لکھ براں	لاکھ مرتبہ

کچ بازی.....جمع المقدار

بلوچی	اُردو
دوہمنکہ	دوگنا
سئے ہمنکہ	تگنا
چار ہمنکہ	چوگنا
پنج ہمنکہ	پانچ گنا

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
پہ زرت ءِ دوہمنکہ جود ینت۔	جواری کے لیے دُگنا جود یتے ہیں۔
سودخور پائدگ ءِ چار ہمنکہ گرنت۔	سودخور چار گنا منافع لیتے ہیں۔
شاہوکار وام ءِ بدل ءِ چار ہمنکہ گرنت	دوکاندار قرض کے بدلے میں چار گناہ لیتے ہیں۔
یکے ءِ پنج گرک جوان نہ انت۔	پانچ گناہ زیادہ لینا اچھا نہیں۔

انسانی اعضا

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
دروشم	ناک نقشہ۔خدوخال	گُلّ	گال۔
بُت	صورت	کلاجور	جبڑا
جان۔جون	جسم۔بدن	حاملک۔نیش	داڑھ
چم	آنکھ	دپ	منہ
دیدگ	آنکھ کی پتلی	زبان۔زوان	زبان
گوش	کان	لِلّک	گُندی۔گدی
پونز	ناک	دنتاں	دانت
گرانز	نتھنے	آرونک	مسوڑے
دیم	چہرہ	گُٹّ	گلہ
سرگ۔سغر	سر	گُرّ	نرغرہ۔نرڑ
نیام سر	میانِ سر	گُرّ	حلق
مجگ۔مین	مغز	گُٹّ	گردن
کانپول/کڈونگ	کھوپڑی	نُکّ	تالو
مود	بال	زنوک۔کاڈی	ٹوڈی
ملگور	عورتوں کے بڑے بڑے بال	کوپگ	کندھا

مہپر	عورت کے گیسو	پدگ/ بردست	شانے کی ہڈی
سیم	مانگ	باسک	بازو
اینشگ	ماتھا۔ پیشانی	سروش	کہنی
گوش بُن	کپٹی	بند	جوڑ
بروانک	بھنویں	بیڈی	ٹخنہ
ملاڑ۔ متاچ	پلکیں۔ خرگاں	دست	ہاتھ
بروت	مونچھیں	پلک	کلائی
ریش	ڈاڑھی	پوست/ سِل	چمڑا۔ کھال
لُنٹ	ہونٹ	کڑی	ایڑی
ہڈّ	ہڈی	لِنگ	ران
بگل	بغل	کُڑی	ایڑی
پنجگ	پنجہ	تیرہڈّ	پنڈنی کی ہڈی
مُشت	مُکا	انارک	رُخسار
مُٹّھ	مُٹھی	چُگ	گردن
تلف	ہتھیلی	پاد۔ پُوزک	ایڑی
لنٹک	انگلی	پُپّ	پھیپھڑا
چلّو/ شست	انگوٹھا	جگر	جگر
چُوچی/ چُوچ	چھوٹی انگلی	دل	دل

ناخُن/ناکُن	ناخن	پیگ	چربی
گودان	پستان	گُٹگ	گردہ
گوُر	سینہ۔چھاتی	گج۔لبز	لعاب/تھوک
ناپگ	ناف	روتینک/روت	رودے
لاپ	پیٹ	بُروان	آبرو
پہلوگ	پسلی	زہرگ	پتہ
آپخانہ	مثانہ	ساہ	روح
سرین	کمر	گوشت	گوشت
سرین کرز	ریڑھ کی ہڈی	ہون	خون
پُشت	پیٹھ	دِلک/پلّو	کان کی لَو
رگّ	رگّ	پوچینک	گھٹنے کی ہڈی
گوڑ۔کونڈ	گھٹنا	شغز	شانے کی ہڈی
پاد	پاؤں	بروانک	بھنویں
ٹانگ	ٹانگ	متاچ	پلکین
گلّک	چوتڑ۔کولھا	زنوک	ٹھوڑی
رکّ	محبوبہ کے ہونٹ	ڈوبر	سینہ
پُٹ	بال	گلالک	مردوں کے لمبے بال

سیادءُ وارث.....عزیز واقارب

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
ماث۔مات	ماں	نشار	بہو۔بھابھی
پث۔پِت	باپ	زاماث۔ زامات	داماد
ابّا	ابو۔باپ	دشتار	منگیتر
لُمہ	ماں	سانگ	منگنی
براس۔برات	بھائی	سانگبند	رشتہ دار
ادا۔لالا	بھیا	پیرُک	دادا۔نانا
گُہار۔ادّی	بہن	بُلک	دادی ثانی
ادّی	باجی۔آپا	بُن پیرک	پردادا
اولاد	اولاد	بُن بُلک	پردادی، پرنانی
گُٹم	گھرانہ	سور،سیر،آروس	شادی
زہگ۔چُک	بچے	وسرک۔ناکو	خسر۔سُسر
اوبادگ	نسل	وسرک زہگ	سالہ
بچ۔بچک	لڑکا۔بیٹا	دسکیچ۔	سالی۔خاوند، یا بیوی کی بہن۔نند
جِنِک۔مِنڈ	بیٹی۔لڑکی	دُسکیچ	نند
نماسگ	نواسہ،نواسی، پوتا، پوتی	وسّو	ساس

چُلّو	سوتیلا بیٹا یا بیٹی	ہپوک	سوکن
ناکو	چچا، ماموں، خالو،	جَن	بیوی
ترو	چچی، خالہ، پھوپھی، مامی	ہم زامات	ہم داماد
تروزہگ	چچی زاد، پھوپھی زاد، خالہ زاد	ہم زامات	ہم دامات
براس زہگ	بھتیجا۔ بھتیجی	ہم جرات	دو بھائیوں کی بیویاں ایک دوسرے کی ہمجرات ہیں
گہارزہگ	بھانجا، بھانجی	سنگت	ساتھی۔ دوست
ماتو۔ ماتن	سوتیلی ماں	جدّ	جدّ
پسّو۔ پتارک	سوتیلا باپ	جد پدر	باپ سے بھائی/بہن
بانور	دلہن	جد مادر	ماں سے بھائی/بہن
بانک	محترمہ۔ مالکن	واجہ	جناب۔ مالک
سالونک	دُولہا	جنوزان	بیوہ
خاوند	مرد	سروزان	رنڈوا
جن	بیوی	جاڑ۔ جاڑک	جُڑواں
جن۔ لوگی	بیوی	سانگی	جس کی منگنی ہوئی ہو۔
مرد۔ لوگ واجہ	خاوند	واجہ	مالک
دوزواہ	دوست۔ خیر خواہ	مات قوم	ننھیال

گلام	غلام	پِت قوم	ددھیال
دزّ گہار	سہیلی	ہم زامات	ہم زلف
منگ	منگیتر۔(لڑکی)	سانگ	منگنی
نکاح	نکاح	نشتگیں۔جنین چُک	کنواری
لوگ بانک لوگی	گھر والی	لوگ واجہ	شوہر
ناکوزہگ	چچا زاد	مڑد	شوہر
ماتن۔ماتو	سوتیلی ماں	نرینہ	مرد
زالکار	عورتیں	ورنا	جوان
پیر	بوڑھا	سَنٹ	بانجھ
چوری، چورہ	یتیم	پیرین	بوڑھا

انسانی عمرءِ حساب.....انسانی عمر کا حساب

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
پیدابوءُک۔ودی بوءُک۔ءُنک	نوزائیدہ	نندوک	کنواری
بندوکی دستوکی	نوزائیدہ بچہ جسے مخصوص انداز میں کپڑے میں لپیٹا جاتا ہے۔ ہاتھ اور پیروں پر چلنے والا بچہ۔	جنئکو	چھوٹی بچی
پادی	چل پھر سکنا	رسیدہ	بالغ خاتون
ٹیبر	تین چار سالہ	بالغ۔رستگیں	بالغ مرد
دنتاں پروش	دانت تھوڑنے کی عمر	سانگی	منگنی شدہ
نوک بروت	نومونچھ۔میس بھیگنا	اسپیت سر	بُڑھیا
ساول	نوریش	سیری،سوری عاروسی	شادی شدہ
ورنا	نوجوان	کماش	بوڑھا
اسپیت مُود	بوڑھا	نیم عمر	اُدھیڑ عمر
پیر	بوڑھا	بلّک	بُڑھیا
پیری	بڑھاپا	زہگ	بچہ

ورگی شئے.....اشیائے خوردنوش

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
زِکان/توشگ	راشن	ہیک/ بیدہ / سپیدگ	انڈا
آپ وتام	آب وطعام	کود	خشک لسی
تام	خوراک۔مزہ	شیر	دودھ
توشہ	زادہ راہ	ترپشین شیر	لسی
آپ	پانی	دُمبگ	چکی۔دم کی چرپی
نان۔نگن	روٹی	پنیر	پنیر
آڑت	آٹا	شیلانچ	خشک کردہ لسی کی ایک قسم
سُرشتگیں آڑت	گوندا ہوا آٹا	سوجی	سوجی
کُرنو	کاک	گُڑ	گُڑ
تریت	چوری	شکر۔بورہ	چینی
چانگ	پیڑے	چاہ	چائے
گوشت	گوشت	واد	نمک
برنج	چاول	ہیر	الائچی
نارشت	سالن۔شوربا	پِلپِل	مرچ
مایچگ	سیویاں	سیاہیں پِلپِل	کالی مرچ

ہٹک	سالن	الکدار/ دار چوبہ	مصالہ
روگن	گھی	دارِزرد	ہلدی
بستگ	دہی	ریزہ	زیرہ
نیمگ	مکھن	ماہیگ۔	مچھلی
گہنیچ	دھنیا	جو	جو
پِلپِل۔سبزیں مرچ	مرچ	پتیر	پتیرہ
میتلی	میتھی	تاجگ/ ذگر	تازہ دودھ
شربت	شربت	بٹّ	دال کی سالن
نگیز	مسور	بَٹّ	بھات
دال	دال	چلیم	حقّہ
ساگ	ساگ	زمب	لقمہ
لیمبو	نیموں	حلوا	حلوا
چمی شکر	مصری	پُھلاّ	پُھلاّ
لاند۔تباہگ	خشک کیا ہوا گوشت	پتکن۔پتکینک	روٹی پکانے کیلئے خشک آٹا
سجّی	کباب	مُشوک	نسوار
کباب	کباب	ٹوپی	حقّے کی ٹوپی
ملائی	ملائی	نل	حقّے کی نل

سُرشنگ	کھٹ	مُوزی	حقے کی ٹوپی کا پتھر
چمڑی	خشک خورمانی	ناسدان	نسواردان
آچار	سالن مصالہ	سرگ ءُپادگ	سری پاوا
کمند/شکر کانڈیل	گنا	دِلاپی/جگر پُپّ	کلیجی
وشّی	مٹھائی	سگندان روتینک	اوجڑی رودے
گلّہ	غلہ	دانکو	ٹھبنے ہوئے دانے
گندیم	گندم	پیماز	پیاز
زرتّ	جوار	تھوم/سیرک	لہسن
امب چور	امچور	تھاپ	چُلو بھر
ماش	مونگ	چڑیا	چنا

منشیات اور متعلقات

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
افیم	افیون	ڈوڈ	پوست
اشاش	خشخاش	بھنگ	بھنگ
چڑس	چرس	ہیروئن۔ پوڈر	ہیروئن
سبزیں نسوار	سبز نسوار	سیاہیں ناس وار/ گینی ناس	کالی نسوار
تمباخ۔تمباک	تمباکو	بیڑی	بیڑی
سگریٹ۔سِرگیٹ	سگریٹ	گوٹگ	رگڑنا
کشگ	سگریٹ۔حقّہ پینا	ورگ	افیون کھانا
نشہ	نشہ	کوہی بھنگ	پہاڑی بھنگ
شراب	شراب	ناس/مُشوک	نسوار
نشہءِ گولی	مینڈرکس	چُلیم	حقّہ
شوکڑ	پائپ	مُشگ	مسلنا
ورگ	بھنگ اور شراب وغیرہ پینا	نشہی	نشہ کرنے والا

الفاظ کا استعمال

بلوچی	اُردو
افیمی نامرد بیت	افیون کھانے والا نامرد ہوتا ہے۔
چڑس ءُ بھنگ ءِ نشّہ جوان نہ انت	چرس اور بھنگ کا نشہ کرنا اچھا نہیں۔
ہیروئن باز خرابیں نشہ یے	ہیروئن بہت بُرا نشّہ ہے۔
ڈوڈ ءِ تخم اشاش انت	پوست کا بیج خشخاش ہے۔
سبزیں مُشوک چہ تمباک ءُ چون ءَ جوڑ بیت	سبز نسوار تمباکو اور چونے سے بنتا ہے۔
سگریٹ ءُ بیڑی ءَ کشّ انت	سگریٹ اور بیڑی پیا جاتا ہے۔
چہ بھنگ ءَ چڑس جوڑ بیت	بھنگ سے چرس بنتا ہے۔
بھنگ ءَ گوٹنت ءُ ورنت	بھنگ کو رگڑ کر پیتے ہیں۔
چلیم ءَ ابید پائپ ہم کار مرز بیت	حقّے کے علاوہ پائپ بھی استعمال ہوتا ہے۔
شراب ءِ ورگ ءَ مردم ءِ جگر خراب بیت۔	شراب پینے سے انسان کا جگر خراب ہوتا ہے۔
ناس و بیڑی ہم گندگیں نشہ انت	نسوار اور بیڑی بھی اچھا نشہ نہیں ہیں۔
کوہی بھنگ ءِ ورگ ءَ مردم گنوک بیت۔	پہاڑی بھنگ پینے سے آدمی پاگل ہو جاتا ہے۔

دان۔۔۔۔۔اجناس

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
گلّہ۔دان	غلہ	زرّت۔	جوار
دال	دال	برنج	چاول
مکّئی	مکئی	نگیز	مسور
روچ گڑدان	سورج مکھی	موٹ	موٹھ
مُنگ	مونگ	تہم	بیج
پریش	کنگنی	سِرہ	سرسوں
جانبو	تارامیرا	پمہّ	روئی
ماش	ماش	کنچت	تل
ارزن۔	باجرہ	گندیم	گندم
جو	جو	کمند	گنا
چنڑیا	چنا	دانکو	بُنا ہوا گندم

گپّ وتران.....بات چیت

بلوچی	اُردو
مرچاں گندیم سک گران انت۔	آج کل گندم بہت مہنگا ہے۔
خاران ءِ تہا دال کِشگ بیت	خاران میں دال کاشت کی جاتی ہے۔
چاول نصیر آباد ءِ پسل انت	چاول نصیر آباد کی فصل ہے۔
مُنگ سِرہ ءُ موٹ کچھی ءَ بیت	مونگ، سرسوں اور موٹھ کچھی میں ہوتی ہیں۔
جامبو ءِ تیل سک جوان انت۔	تارامیرا کا تیل بہت اچھا ہے۔
چہ کُنجت ءَ تیل در کنگ بیت	تِل سے تیل نکالا جاتا ہے۔
کمند ہم نصیر آباد ءَ بیت۔	گنا بھی نصیر آباد میں ہوتا ہے۔
چڑیا فوجی آنی وراک انت۔	چنا فوجیوں کی خوراک ہے۔
نگیز سک گرمیں دا لے انت	مسور بہت گرم دال ہے۔
چہ روچ گردان ءَ روغن در کنند۔	سورج مکھی سے گھی نکالتے ہیں۔
ماش، ہکئ ءُ جو ءِ کشار ہر جا بیت	ماش، مکئی اور جو کی کاشت ہر جگہ ہوتی ہے۔
پمہ نوشکی ءَ بیت	کپاس نوشکی میں ہوتا ہے۔

لباس.....لبیس

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
پوشاک،جرّ	لباس	جراب	جراب
کلاہ۔ٹوپ	ٹوپی	کتابی	لٹھا
پاگ۔مندیل	پگڑی	کشمیرہ	کشمیرہ
شدّ	پگڑی کا نچلا حصّہ	کورا	سان۔کھدر
طُرّہ	طرہ۔شملہ	لِترّ	پاپوش
چادر۔جلشک	چادر(مردانہ)	پاپیچ	پاؤں پر لپیٹنے والی پٹی
صدری	واسکٹ	کَوش	جوتی
جامگ/پشک	قمیص	خروٹ	لانگ بوٹ
شلوار	شلوار	سواس	مزری سے بنی ہوئی چپل
شلوار بند،آنجگ	ناڑہ۔ازار بند	سُرّ	کپڑے کا بنایا ہوا لوٹ
کونٹ	کوٹ	گُد/سری	دوپٹہ
پوستین	پوستین	بُرکہ۔برخہ	برقعہ
گنجی	بنیان	چادری	چادری
شال	اونی کوٹ	ٹک۔صدف	بٹن
شال	گرم دوپٹہ	کٹ کلوپ	تکمہ
زوڑ	اُونی ڈفل	زنچک	گریبان
چغہ	چُغہ	پاچگ۔پادگ	شلوار کا پائنچہ

لانک	تہبند	پندول۔گپتان	جیب(زنانہ)
موزہ	جرّاب	بُنکشّ	قمیض کے بغل کا کپڑا
چوٹ	چپلی	کیسگ۔کیتو	جیب۔
پٹ	قمیض کا پٹ	گاندھی	کھڈی کا کپڑا
بخمل	بخمل	لچہ	لچھہ
کھدّر	کھدر	آستونک	آستین
دزمال۔دسپاک	رومال	کُٹّ	دامن
کلّہ	عجلہ عروسی	بڑچک	چاک(قمیض کا)
آنجہ آنجگ	ناڑہ۔ازاربند	آنجہ کشّ	ناڑہ ڈالنے والا آلہ
گُد۔گشان	دوپٹہ	جامگ۔پشک۔چولا	قمیص
پش۔زی۔جیگ	عورت کی قمیض کا کشیدہ شدہ سامنے کا حصہ	گُپتان	زنانہ کشیدہ کار جیب
بندوک	گریبان بند	بُرکہ۔برخہ	برقہ
چادر	چادر۔(زنانہ)	جراب	جراب
دریس	سوٹ۔وردی	پازوار	جوتے
دریش	سر کے بالوں کی بلوچی حجامت	لِترّ	سلیپر

بُوٹ	بوٹ	گُد	کپڑا
بندیک	دھاگا	سوچن	سوئی
دوچ	سلائی	اگڑی	پیوند
سری	دوپٹہ	کھیس	کھیس
کاج	کاج	پتلون	پتلون
جیب	جیب	گلوبند	مفلر
توال	تولیہ	سواس	مزری سے بنے چپل

زیورات اور آرائشی سامان

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
جُھمکّ	جھمکے	بندوک	منقش گریبان بند
لشتی	سادہ بالی	کرچی	بغیر نگ کی انگوٹھی
تھوخ۔ہنس	طوق	پچھلّہ۔چلو	انگھوٹھی
گبّ	چوڑیاں	ویڑھ	انگوٹھی کی ایک قسم
سیخی	چوڑیوں کی ایک قسم	بند	بغیر نگ کی انگوٹھی
دستونک	کلائی کے منکے	چھتر	تاج نما زیور
بول	نتھ	ٹِکی	تکے
پازیب	پازیب	لونگ	ناک کا لونگ
گن	کان کا زیور	پادینک	پازیب
تلمل	کلائی کے منکے	گٹی	ہار
منگلی	کلائی کے زیور	ہار	ہار
پونزی	ناک کا زیور	کنڈی	ہار
پُھلی	لتھ۔بول۔کوکا	مٹھڑو	ہار کی ایک قسم
دُرّ	کان کے زیور	دسپاک	رومال
نالک	بالی	رومال	رومال
قید	سر کا زیور	لُنگی	ریشمی پگڑی

مندری	انگوٹھی	زبادان	خوشبودان
تائیت	تعویز	بوئی	خوشبو
گوگ	چوٹی کے زیور	مَہلو	ایک خوشبو
مچلی	ہنسلی	لال تاک	ایک خوشبو
قید	بندی	باٹن	اُپٹن
چوٹیل	چوٹی	سِک مِسک	مسّک
چوٹی بند	پراندہ	آ تار۔	عطر
سیم کشّ	مانگ نکالنے کا آلہ	دُرالک	ایک خوشبو
زباد	ایک خوشبو	سیرموغ	سُرمہ
پیگ	ایک خوشبو	کحل	کاجل
عنبر	عنبر	ہیر	الائچی
زعفران	زعفران	گُوری	ہار
سرخی	سرخی	پُلوہ	نتھ
میساگ	مسواک	پُلکّ	نتھ
ٹِکّ	نگ	گپ	چمپا
کٹاوگ	ایگ زیور	چُلنب	کان کا زیور
شمش	پیشانی پر سجانے کا زیور	لرزُک	ایک زیور
سنگہ	کڑے (ہاتھوں کے)	چمکلی	گلے کا زیور

جامدان	سینگاربکس	کنگڑا	کنگن
سرمہ سرمگ۔	سُرمہ	بنگڑی	چوڑی
حنّی	مہندی	تیل	تیل
صابون	صابن	زیور	سہت
شکّ	کنگھی	دستونک	چوڑی
پُھلی	کوکا	چوٹی	پراندہ
والی	بالی	پُلوہ	نتو۔ناک کا زیور
ہار	ہار	چمکلی	گلے کا زیور
پوڈر	پوڈر	ناحسن رنگ	ناخن پالش

سِلاہ.....ہتھیار

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
تُوپک	بندوق	کنداخ۔کنداک	بٹ
ریفل	رائفل	رغدار	دیسی بندوق
تپانچہ۔وتاس	پستول	ہمیل	گٹ
زخم	تلوار	سُرپ۔تیر	گولی
خنجر	خنجر	کارتوس	کارتوس
نیزہ/نیزگ	نیزہ	کاٹار	سنگین
تیر	گولی	پُلّکی	بندوق کی ایک قسم
تبر	کلہاڑی	چتری	چھوٹی کلہاڑی
تبرزین	چھوٹی کلہاڑی	کٹار	چھُرا
کارچ	چاقو	دارو	بارود
توپ	توپ	بمب	بم
ھمیان	بارووددان	نیزہ بازی	نیزہ بازی
سرین بند	کمر بند۔بیلٹ	مندیل	خود
ہنٹر	ہنڑ	لٹّ۔لٹّھ	ڈنڈا
چابک	بید	ربّڑ	غلیل
شَت	سوٹی۔بید	چھڑی	چھڑی

پیرانپ	گوپھن	جابہ	تیرکشّ
وتاچ/وتاس	پستول	گھوڑا	بندوق کاٹائیگر
کارتوسک	دونالی (بیرل) بندوق	زِرہ	زرہ،بکتر
کارچ	چھُرا۔چاقو	تیرکمان	کمان
کیل	ناپ	چکمق	چقماق
گُرکی	رائفل کی ایک قسم	ڈھاڈری	بندوق کی ایک قسم

چکن وچکن کاری

سوزن کاری/کشیدہ کاری

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
سوچن	سوئی	روک	کشیدہ کی ایک قسم
بندیک۔دسگ	دھاگا	مات چک بک گڑھی	کشیدہ کی ایک قسم کشیدہ کی ایک قسم
دوچ	سلائی	چاردہی گل	کشیدہ کی ایک قسم
کش	کشیدہ کی ایک قسم	پڑی وار	کشیدہ کی ایک قسم
چوڑ	کشیدہ کی ایک قسم	گل وجھالار	کشیدہ کی ایک قسم
چوٹل	کشیدہ کی ایک قسم	زربشان ٹک	کشیدہ کی ایک قسم
سجکون	کشیدہ کی ایک قسم	پنج کڈک	کشیدہ کی ایک قسم
کانٹلو	کشیدہ کی ایک قسم	کرمز	کشیدہ کی ایک قسم
کشکو	کشیدہ کی ایک قسم	گریبو	کشیدہ کی ایک قسم
پیٹ ٹک	کشیدہ کی ایک قسم	تاک۔زردی	کشیدہ کی ایک قسم
چیلکو	کشیدہ کی ایک قسم	گل مول	کشیدہ کی ایک قسم
بکالو	کشیدہ کی ایک قسم	گالی مور	کشیدہ کی ایک قسم
مائی پُشت	کشیدہ کی ایک قسم	چارتاک	کشیدہ کی ایک قسم

بانگڑو	کشیدہ کی ایک قسم	چارتاک	کشیدہ کی ایک قسم
لگزی	کشیدہ کی ایک قسم	گل ایرکش	کشیدہ کی ایک قسم
توئی	کشیدہ کی ایک قسم	کنڈی گل	کشیدہ کی ایک قسم
کیچی گل	کشیدہ کی ایک قسم	ڈگاردوچ	کشیدہ کی ایک قسم
نال جھالار	کشیدہ کی ایک قسم	چورا	کشیدہ کی ایک قسم
نال جھالار	کشیدہ کی ایک قسم	شیشگ	کشیدہ کی ایک قسم
جیگ	کشیدہ کی ایک قسم	موسم	کشیدہ کی ایک قسم
گل ژانگ	کشیدہ کی ایک قسم	مرگی پانچ	کشیدہ کی ایک قسم
ہتلیک	کشیدہ کی ایک قسم	دوسوتی	کشیدہ کی ایک قسم
کلمپر	کشیدہ کی ایک قسم	سے کٹک	کشیدہ کی ایک قسم
پنچ کٹک	کشیدہ کی ایک قسم	جھالار	کشیدہ کی ایک قسم

راجی دودءُ راہبند.....سماجی رسومات

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
ششّگ	عقیقہ	نکاہ	نکاح
نام	نام رکھنے کی تقریب		دولہااور حاضرین کے لئے رونی روتی
سُنّت۔بُرگ	ختنہ	شیرنی	دولہااور دلہن کے لئے میٹھا دودھ
رسال	پیغام منگنی	کلّہ۔بوج	شادی کے تیسرے دن کی تقریب۔رخصتی
ربّالہ	پیغام شادی	جنّ	بارات
دست چست کنگ	منگنی کی دُعا		
سانگ	منگنی	مہمان	شادی میں شریک مہمان
لبّ	شادی کے خرچہ کی رقم	شرف	اعزاز۔شرف
جلب	شادی کے لئے بھیڑ بکریاں	عزت	عزت
مزن	بڑا	کسان	چھوٹا
وام	قرض	لشکر	فوج۔معرکہ

آرتی	شادی کے لئے آٹا وغیرہ	خانوادہ	مہذب
بجّار	شادی کے لئے امداد	لٹّ وبیر	بدلہ
گُدڑُنی (دری)	شادی کے کپڑوں کی سلائی	میار	باعثِ شرّم
بادشاہ/ سالونک	دولہا	میاری	قصوروار۔ باعث ملامت
بانور۔ عاروسی	دلہن	بےمیار	بےشرم۔ بے پروا
وزیر	بادشا کا محافظ (دوست)	میاری	قصوروار
جانی	دلہن کی سہیلی	میارجل	اقدار کا محافظ۔ پناہ دینے والا
سرشودی	دولہا، دلہن کی نہلائی	میارجلی	احترامِ اقدار
کلّہ۔ ڈھری	مُجلہ عروسی	جرگہ	جرگہ۔ منصفوں کا اجلاس
دُڑّی حنی بندی	رسم مہندی کی پہلی تقریب	دیوان	مجلس
سرگشت	دولہا، دلہن پر پیسے نچھاور کرنے کی رسم	میل	حملہ آور لشکر
سیر/ عاروس	شادی	میل کشّی	لشکر کشی
ڈومب	ڈوم	سانگ	ناطہ۔ رشتہ۔ منگنی
شاہد	گواہ	ہتّکل	للکار چیلنج۔ ڈھانٹ
میڑھ۔ مرنگّہ	منّت سماجت	کفن	کفن

مَٹّ	برابر۔ثانی۔بدل	تم شود	میت کے دھونے کی جگہ
مٹّ	بدل/عوض میں مارنا	پُرس	فاتحہ
راجی دود	سماجی رسم	پتڑ	نِشت گاہ
سیاہ کار	زانی	ءِڈّا	گھر کی عزت
شرمانہ	بےعزتی/عصمت دری	سےشام	میت کی سوئم
	کاعوضانہ		کی خیرات
بانک	خاتون	ٹکّری	قبیلہ کے طائفے کا بڑا
سیاہ سر	لڑکی	کہدا	کاریز کا منتظم۔سررشتہ
جی جا	احتراماً یا پیار سے عورت کو بہن کہنا	سردار	قبیلہ کا بڑا
		وڈیرہ۔مقدم	قبیلہ (ذیلی) کا بڑا
ہان گِرنگ	منگنی کیلئے رضامندی حاصل کرنا	موتک	سوگ
چاری	نگرانی۔انتظار	چارُو	جاسوس
حونی	قاتل	ناگناہ	بےگناہ
حثیر	صلح	حون	خون
گرگ	حاصل کرنا	زلف لانچ	میت کیلئے عورتوں کا اظہار غم

سرین بندی	اعانت/ مدد کرنا	ناؤچہ	مورچہ
ہان کنگ	رضامندی کا اظہار کرنا	پٹنگ/گریوگ	رونا پیٹنا
باہوٹ	پناہ جو۔زیر پناہ	موتک	نوحہ
باہوٹی	زیر پناہ ہونا/ پناہ دینا	خیرات	خیرات
باہوٹ داری	پناہ دینا	متاگ	خوش خبری سنانے کا عوضانہ
ڈہ نشان	اطلاع کے لئے مخصوص نشان	متا گر	خوش خبری سنانے والا
ڈہ چیدہ	اطلاع کیلئے پتھروں کا نشان	نشانگ	نشانہ/ ہدف
پوڑی	چندہ	اسپ تاچی	گھڑ دوڑ
مرک وزند	موت وزندگی	بازو	بازو (فریق)
میتّ	میت۔نعش	یک شلوار	ایک طائفہ سے تعلق رکھنے والا
گلام	غلام	مولد	کنیز
جیڑہ	جھگڑا	جُلو	حملہ
میل	لشکر کشی	گھوڑو	اسپ سوار لشکر
برادری	برادری۔رشتہ دار	چادر	چادر (اوڑھنے والا)
سیال	رشتہ دار۔برابر کے لوگ	زانو بند	بیٹھنے کا ایک طریقہ
سیالداری	رشتہ داروں سے تعلق	مول	پگڑی کا وہ حصہ جس سے چہرہ چھپایا جاتا ہے

سیالی	رشتہ داری کی رسم پورا کرنا	حشر	بلوچی رسم کے حقایقمل مل جُل کرایک دوسرے کی مدد کرنا، امداد باہمی
چرمٹ	چادراوڑھ کرغمگین بیٹھنا	نواب	قبیلے کابڑا
قبر	قبر	جھنڈ سائی	نوزائیدہ بچے کاسر منڈانا
جُست کنگ/ سوج کنگ	عیادت	آس روگ	مردے کارسم سوئم
بیر	بدلہ۔عوضانہ	پنڈوک	بھکاری
پاڑا	طائفہ قبیلے کا	پنڈگ	بھیک مانگنا
پور/ وام	قرض	جہگ	بھاگنا۔
پاگ	عزت کا نشان۔ پگڑی	چارک	چوتھا حصّہ
ششّک	چھٹا حصّہ	سوگند	حلف
شوانگ	چرواہا	ٹیہہ	غلام
خیرات	صدقہ۔میت کے لئے خیرات کرنا	سے شام	میت کا سوم

رنگانی نام۔۔۔رنگوں کے نام

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اسپیت	سفید	سیاہ	کالا
حاکی	خاکستری	گلابی	گلابی
سُہر	سرخ۔لال	سؤز۔سبز	سبز،ہرا
نارنجی	نارنگی	شونز	نیلا
پیازی	پیازی	اتیت/زرد	زرد۔پیلا
متراسی	پختہ رنگ	وانگڑی/بٹّاگی	ارغوانی
پیروزی	فیروزی	آزمانی	آسمانی
مُنگیائی	گہراسبز	بوسکی	بوسکی
نسواری	نسواری	بور	ہلکی بھورا
طوطائی	طوطائی	بڈّی/پٹّہ دار	دھاریدار
تلائی	سنہری	اُشتری رنگ	اونٹنی کلر

لوگ، لوگی از باب.....گھر، گھریلو اشیاء

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اُردو۔ برونک	بستروں کو قرینے سے رکھنے کی جگہ	دیوال	دیوار
ہند	جگہ۔مقام	واڑ	جانوروں کا باڑ
لیپ	رضائی	برانڈہ۔چھن/چھپّر	برآمدہ
بوپ	گدیلا	تھلّو۔پیڑی	تلّہ
بالشت	گاؤ۔تکیہ	چپر دالان	کاپر۔دالان۔چپھر
سرجا	تکیہ	دیم شود	غسل خانہ
تہت۔کٹّ	چارپائی	پوئی/چرکی	لیٹرین
کٹّ پوش	چادر۔بستر پوش	منّہ	دالان جھونپڑی
		چرکی۔کاکوس پوئی	پاخانہ
نپاد	بسترے	وتاک	اوطاق، مہمان خانہ
بان	کمرہ	واب جاہ	سونے کا کمرہ
بادگیر	محل۔دومنزلہ مکان	دیوان جاہ	مجلس گاہ
پُل۔پسیل	حویلی۔باڑ	چُلّ	انگھیٹی

پیش در	صحن	دُوت کش	چمنی
کِس۔لوگ	گھر	دری	کھڑکی
کلّ	آشیانہ	تگرد۔چترّ	چٹائی
کونٹ	اونی دری	کُڈّک	جھونپڑی
گالی	غالیچہ۔قالین	گدان	بکری کے بالوں کا بنا خیمہ
کرشی	کرسی	میخ	میز
ٹپر	نمدہ	گوانزگ	جھولا
تِرکل	مشک لٹکانے کیلئے سہ پایہ	جُلونٹ	کھٹولا۔جھولا
تورگ	اونی چھوٹی بوری	ہُرجین۔	اونی خورجین
حویلی	حویلی	تنبہ۔منک	ستون
پلنگ	پلنگ	کُبل کلف	تالا
کلیت	چابی	پوڑی	سیڑی
پرزونگ	دسترخوان	شیکن	اونی دری جس پر پیڑے سجا کر روٹیاں پکائی جاتی ہیں۔
مُسلّہ۔جانماز	جانماز	تا پگ	پتھر کا توا
تین	لوہے کا توا	رزان/ہیران	برتن

کڈہ	کٹورا	تاس	کٹورا
گیچن	چھانی	گگّی	صراحی
مشک	مشکیزہ	جِنتر	چکی
کمبل	کمبل	رِلّی	رِلی
ٹاہ	پشمی بورا	تُورگ	توبرہ

لوگی رزان . . گھریلو برتن

رَزان۔ظیران	برتن	مشک	مشک
تاس وتبک	کھانے کے برتن	کلّی	مشکیزہ
دیگ۔دیز	دیگچہ۔دیگچی	ہشّ۔جِنتر	چکی
تاس	پانی پینے کا کٹورا	زِکّ	گھی رکھنے کا چرمی تھیلا
جگ	جگ	گیچن۔گیشن	چھانی
دست شُود	چلمچی	تا پگ۔تاپغ	پتھر کا توا
بدنی۔کرہ	لوٹا	تینک۔تین	لوہے کا چھوٹا توا
درہمدان	کھانے کی چیزوں کو ٹانگنے کے لئے جھولا	تندور	تنور

تاسدان	برتنوں کا تھیلا	ہسّگ	بڑا چمچہ
کاشی۔	تالی۔ پلیٹ	کاسگ۔ کرسان	لکڑی کا بنا ہوا کاسہ
جوگن۔ دان چوپ	کونڈا	جوگن دستہ	موسل
ڈلونک	چاول صاف کرنے کا آلہ	کونزگ	بڑا لوٹا
مُشتنک	سل کا بٹا	طشت/پتنوس	ٹرے/طشت
وانک	ایک چپٹا پتھر جس پر کپڑا دھویا جائے	کوڑہ۔ کدّہ	پیالہ
کُتنگ	تین پتھروں سے بنا ہوا چولھا	کارچ	چُھری
پادینک	لوہے کی تین پاؤں والا چولھا	دپی	ڈھکن

کارکنوک/کاردار.....اہلِ حرفہ اور اہلِ کار

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
درزی	درزی	لوڑی	لوہار
گُدشود	دھوبی	سنارہ۔زرگر	زرگر
دارکار	ترکھان	موچی	موچی
کُمبا	کمہار	پال بین	نجومی جال میں
کراکشّ	سواری کے کرایہ وصول کرنا	نان وائی	نانبائی
کانڑکش	کان کن	حجّام	حجام
قصائی	قصاب	کنّات	کاریز کن
لچ کنوک	تعمیراتی مزدور	شوانگ	گڈرا۔چرواہا
گورُم پان	بیل چرانے والا	بگجت	اونٹ چرانے والا
گورواجہ	بیلوں کے گلہ کا مالک	باہرپان	گدھے چرانے والا
زہ پان	لیلے، برے چرانے والا	شاہوکار	دوکاندار
قلعی والا	قلعی گر	ونجارہ	بنجارہ
پوریا گر	مزدور	داری	لکڑیاں بیچنے والا
نوکر	نوکر۔ملازم	ڈیور	ڈرائیور

اسپ پان	سائیس گھوڑے پالنے والا	دائی / بَلّک	دایا۔ مڈوائف
مزور	مزدور	شکاری	شکاری
اسپ پان	گھوڑے چرانے والا	مالدار	مویشی پالنے والا
زمیندار	کاشتکار		

کارءِ ازباب.....آلاتِ کار

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
برد۔ بیل	بیلچہ	گُلنگ	گینتی
کوڈال	کدال	ہرّات/ہرّگ	آری
لَشّی	درانتی	رمبو	رمبی

نیوگ.....میوے

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
انگور۔ ہنگور	انگور	شپتالو۔ خالگ	شفتالو
انجیر	انجیر	موز	کیلا
بادام	بادام	انار	انار
مکئی	بڑا بیر	کمند/شکر کڑب	گنا
آلوچہ	آلوچہ	بیر	بیر

انار	انار	گونگ	کھجور کا پودا
امب	آم	گُش (نر)	کھجور کا نر درخت
پستہ	پستہ	گرنگیج	گرنگیج
پوپل	پہاڑی کھجور	میمیچ	کشمش
توت۔شہتوت	توت	لیمبو	لیموں
تیجگ/گلو	خربوزہ	کسوڑ	میوہ دار پہاڑی درخت
ترنج	ترنج	کُنَر	جنگلی بیر
ترینگ	سیادی	کلیر	کریڑ کا درخت
کوٹگ	تربوزہ	گلو	خربوزہ
جوز	اخروٹ	مچ	کھجور کا درخت
نیزہ	چلغوزہ	مچکدگ	نخلستان
حالگ۔ہالگ	آڑو	مالٹا	مالٹا
زیتون۔امروت	امرود	موز	کیلا
زردآلو	زردآلو	نمرود۔ناک	ناشپاتی
		نالگیں نالک۔کوپرا	ناریل
سنجد	سنجد	نارنج	نارنگی
سروپ۔سوپ	سیب	مجگ۔	گودا
بادرنگ	کھیرا	ہوشگ	خوشہ
کوش	خربوزہ	تَرُک	کچا خربوزہ

سبزی، سوزی.....سبزیاں

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
سوزی	سبزی، ترکاری	بینڈی	بھنڈی
پالک	پالک	گربُست۔	ایک خودرو سبزی
پیماز	پیاز	پیملک	ایک خودرو سبزی
پٹاٹہ	آلو	پُترونک	ایک خودرو پہاڑی سبزی
بٹّاگ	بینگن	سُنڈم	ایک خودرو سبزی
بانکلینک	باقلا	سیاہ گرگو	ایک خودرو سبزی
پلپل	مرچ	شمش	ایک خودرو ساگ
پُل گوبھی	پھول گوبھی	زمپد	ایک خودرو سبزی
تُری	توری	سوچانکو	ایک خودرو سبزی
گزرک	گاجر	گوانکو	ایک خودرو سبزی
شلگم	شلجم	مگیر	جنگلی قلفہ
کوسینچ	کدو۔ گھیا	سریشکو	ایک خودرو سبزی
بادرنگ	کھیرا۔ ککڑی	حبو	ایک خودرو سبزی
مڑ	مڑ	پوچکو	ایک خودرو سبزی

نگیز	مسور	رزا	ایک خودرو سبزی
ماک۔ماش	ماش	ڈنڈلو	ایک خودرو سبزی
مولی	مولی	ادرک سُنٹھ	ادرک
گزنچ	دھنیا	پورچینک	پودینہ
سیرک	لہسن	چکندر	چقندر
ہمباگ	میتھی	رز	سونف

درچک.....اشجار

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اُپڑس	صنوبر	درچک۔درشک	درخت
ایشرک	بارہ یاشا	نہال	نہال
اسپیدار	سفیدا	مچ	کھجور کا درخت
برڑ	برڑ	بَبرُ	ببول۔کیکر
بکپن	سوسن کا درخت	کرک	اق۔آک
بید	بید کا درخت	ڈیڈار	ایک جنگلی درخت
چنال	چنار	پرپک	ایک جنگلی درخت
جور	ایک خوبصورت پھولدار درخت	گیت	گیت

جوز۔مزواک	اخروٹ	مکئی	بیر کا درخت
کہور	چھنڈ کھند	سرو	سرو
شریش	نیم	شیشار	ایک جنگلی درخت
نل	نڑ	گوَن	خنجک
گز	لئ	زیر/پنیس	جنگلی بیر کا درخت
تاگز	ایک میدانی درخت	شنک	ٹہنی
رگِتّ	ایک میدانی درخت	تاک	پتا
حت	زیتون کا درخت	بُن۔روتنگ	جڑ
پیر۔کبڑ	کبڑ	پُلّ	پھول
پتنک	بید	بَر	پھل
شنگر	جنگلی جھاڑی	سول	نارسیدہ درخت
کلیر	کریڑ	کوٹور	جنگلی درخت

کاہ و بُوچ۔۔۔۔۔گھاس پھونس اور جڑی بوٹیاں

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
داز	مزری کا جھنڈ	پوچ	پھونس۔تنکا
دانیچک	اسپغول	کُنٹگ	کانٹا
برڑز	السی	پُلّ	پھول
چگرد	ببّر کی قسم	مرغ پد	ارنڈی
کُل کشتہ	اندرائن۔خنطل	اسپنتان	ہرمل
گرگنڈک	خارخسک۔گوکھرد	آسکاہ	خودرو پودا
زیرک	ایک بوٹی	برشونک	خودرو پُودا
پیش	مزری	آلونج	خودرو پُودا
کرک	آک	بھنگیرہ	بھنگرہ
گونک	نگسٹم۔سنبھالو	زراچ	زرشک بوٹی
گیشتر	ایک ایر/اونٹ کی خوراک جھاڑی	چیلہکو	خودر پُودا
گواڑگ	لالہ۔گل لالہ	سمسوک	خودرو پُودا
شینلک	ایک میدانی درخت	کلپورہ	خودرو پُودا
گوردر۔گور	مسترد	کاش	خودرو پُودا
		کُلّ	خودرو پُودا

ڈیلکو	خودرو پُودا	مارموت	چونگا
ایشرک	بارہ یاشا	ماٹیٹو	کریات۔مہاٹیٹا
نازبو	ریحان	ازگند	صقر۔اسگند
پُورچنک	پودنہ	بوئے مادران	زاول
شیز	ایک کانٹے دار بوٹی خارِشتر	گیاب	ایک جنگلی گھاس
گومازگ	جنگلی گھاس	سریشکو	ایک جنگلی سبزی
جور	کنیر۔خرزہرہ	پیہن پُھلی	بایونہ
چمر	خودرو پُودا	پمپلک	خودرو پُودا
دھتورا	دھتورہ	ترات	اشنان
درب	خودرو پُودا	ترسکو	خودرو پُودا
درنہ	خودرو پُودا	ترینڈ	خودرو پُودا
گلدرّ	خودرو پُودا	تُسّو	خودرو پُودا
گواتک	خودرو پُودا	تولہ انگور	مکو۔عنب الثعالب
گومازگ	گم	جوز باک	خودرو پُودا
منگلی	دیوگندھ۔گنگوگینگ	چمر، چارکو	خودرو پُودا
مورپڑّو	خودرو پُودا	دانچک	اسپغول
نل	نل		

نرومب	اھینڈرا	دندان شک	خودرو پُودا
وشدار	ملٹھی	رِگت	شورہ بوٹی۔لونیہ
بوڑکو	جنگلی گھاس	زاڑچ	زرشک۔دارہلد
کہمار	جنگلی کانٹے دار پودا	زمپد	خودرو پُودا
بورکو، بی بی پوٹو	خودرُوبوٹی	سریشکو	خودرو پُودا
پتنک	خودرو پُودا	سحاک دارو	خودرو پُودا
پی ٹُرک	ڈھائی پتہ	سمسور	خودرو پُودا
پُرچینک	پودینہ	سمسوک	بادر۔نجویہ
پُژد	خودرو پُودا	سُنڈم	خودرو پُودا
پِسی	جنگلی بیر	سیاہ گرگو	خودرو پُودا
پیل گوش	نیلوفر۔بھن	شام پشتیر	خودرو پُودا
پنیرباد	آ کری۔پتر بند	شنز	خارشتر
پوچکو	مشروم، کھمبی کی ایک قسم	شینلو	خودرو پُودا
پوگ	کوئلہ۔خاکستر	کاروان کش	خودرو پُودا
رز	سونف۔بادیان	کاش	کاشم۔نئے قلم
خاک	شیر	حسین بوٹو	ایک خودرو بوٹی
کانڈال	خودرو پُودا	ہشہ	خودرو پُودا

کرتا	خودرو پُودا	ہُم	کپر کیر۔ چیتہ
کٹ کچور	خودرو پُودا	ہنگ	ہینگ
کرک	اَمدار۔ زہوک	کرگو	خودرو پُودا
کمرکش	ڈھاک کا گوند	کک	خودرو پُودا
کلپورہ	کوہی پودینہ نام کرپولہ	کلگو	خودرو پُودا
کوٹور	خودرو پُودا	کندوک	خودرو پُودا
کے مار	خودرو گھاس	گدری	خودرو پُودا
گدان گونجک	خودرو گھاس	گندا کو	خودرو پُودا
گربست	کا ہک۔ خود روساگ	گندیل	خودرو پُودا
گندہ دیم	سدرب	گورکاہ	اہڈین
کانڈار	خودرو گھاس	نران باند	خودرو پُودا
لاہڑا	خودرو پُودا	گیپ	خودرو پُودا
مازگ	مازو	شتر	کونچ بجھولوٹی
ماتی متی	سجی اشخار	ایشرک	دودھی بوٹی
مزاردمب	خودرو پُودا	وکرولی	ہرن کھڈی
مگیر	خودرو پُودا	مرغ پد	ارنڈ

میج توتیا	خودرو پُودا	ساڑنگ	گوکھرو
زامر	جل جمنی بوٹی	کرکاوغ	دھماسہ
جھاؤ	گز۔لئی	مُنڈیری	بہوق پھلی بوٹی
بڑ	برگند	ون ویڑی	آ کاش بنل
کوہ بھنگ	اجوائن خراسانی	گوچ	اندرائین
داز	مزری کا درخت پیش	تلخاتا	خودرو تلخ گھاس
چرماہنگ	گاؤزبان	سیرک	لہسن۔تھوم
مغیر	جنگلی خرفہ	یارلنگ	رتن جوت
کلاگ کاہ	سورنجان	کوٹور	کانٹے دار جنگلی درخت

اولاک، ساہدار۔۔۔۔۔۔۔۔بار بردار اور پالتو جانور اور متعلقہ باتیں

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
اُشتر	اونٹ/اُونٹنی	ساہدار	جانور
ہِرّ۔جڑک	اونٹ کا بچہ	لیڑہ	نر اونٹ
ڈاچی	اونٹنی	مہری	سواری کا اونٹ
ہچر	خچر	اسپ۔اپس	گھوڑا
نریان	گھوڑا	مادیان	گھوڑی
سان	سانڈ	کُرّگ	گھوڑی کا بچہ۔بچھیرا
حر	گدھا۔گدھی	لاگ	گدھا
مادیان	گدھی	باہر	گدھوں کا گلہ
جڑ۔ہرّ	اونٹنی کا بچہ	گوک	بیل/گائے
کاریگر	بیل	ڈھگّی	گائے
گامیش	بھینس	پس	دنبہ۔دُنبی
بُز	بکرا۔بکری	گرانڈ	مینڈھا
پاچن	بکرا	شنکّ	لیلا
بزگل	بکریوں کا ریوڑ	میھڑ	بھیڑوں کا ریوڑ

تازی	شکاری کُتا	بگّ	اونٹوں کا گلہ
گورّم	بیلوں کا گلہ	کچکّ	کتا۔کتی
مِنڈ۔مِنڈی	کتیا	میش	دُنبا۔دُنبی
آبُرّ	جانوروں کے خوراک کا ڈبہ	واڑ	جانوروں کا باڑ
رمگ	ریوڑ	شاح	سینگ
سُرمب	کُھر	دُمب۔لِٹکّ	دُم
کوہان	کوہان	گودان	تھن
اولاک	باربرداری کے جانور	سُرمپ	کُھر
پشم	اُون		

لڈّی جانور۔۔۔جنگلی جانور

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
مزار	شیر	تولگ	گیدڑ
پُلنگ	چیتا	روباہ	لومڑی
رستر	درندہ	آسک	ہرن
گُرک	بھیڑیا	ہپتار	چرخ۔لگڑ بگڑ
پیل	ہاتھی	ممّا	مم۔بن مانس
شادو۔بھولو	بندر	سئور	سور
ہُوک۔خنزیر	سور	پِشّی	بلی
کرگوش	خرگوش	کوہ پاچن	پہاڑی بکرا
کوہ گرانڈ	پہاڑی دنبہ	گورپٹّ	بجو
گوج	نیولا	نور	گلہری
رچھّ	ریچھ	واگُو	مگرمچھ
گڈّ	پہاڑی بھیڑ	پُگٹ/ پُگل	مینڈک
جَدُک	خارپشت	سینکرّ	سیہہ
مارخور	مارخور	سروان	نرہرن۔غزال
گور	جنگلی گدھا	روجھ	نیل گائے
رَمَگ	ریوڑ	آسکلو	ہرن کا بچہ

شاح	سینگ	سُرمب	کُھر
لٹک۔دُمب	دُم	کوہان	کوہان
ٹیٹل	مادہ آہو	صید	ہرن

مُرگ.....پرندے

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
مُرگ	چڑیا(تمام)	کُونج	کُلنگ
بال	اڑان	کبگ	چکور
بُلبل	بلبل	جھار/جلّاب	پرندوں کاجُھنڈ
باڑو	بٹیر	رم۔ولّر	پرندوں کااُڑتا ہواجھنڈ
بانز۔شاہین	باز۔شکرا	مُرگ۔کُکڑ	مرغا/مرغی
چاہی کپوت	پہاڑی کبوتر	کروس	مرغا
وقاب	عقاب	چونکی۔چوری	چوزے
جنجشک	چڑیا	اسپیدگ	انڈا
بت۔بٹ	بطخ	گوگو	قمری
شہ بانز	عقاب	چرز	تلور
مینا	مینا	کپوت۔کپودر	کبوتر

لالی۔کبڑّ	مینا	توتی	طوطا
توتا	طوطا	شاتو۔شاتلو	فاختہ
کینجر	تیتر	کلاگ	کوا
ککُو	اُلّو	چکُوگ	چنڈول
سیسو	سیسی	چمڑی/شپ چر	چمگادڑ
کلاگ	کوا	سیمرغ	سیمرغ
سیاہ گوَر	سیاہ تیتر	کینجر	تیتر
سیاہ سینگ	کٹنگر	توتکی	ابابیل
میش مُرگ	حواصل	مور	مور
ہنج	بطخ	ٹی ٹی	بگلا
چوٹول	ایک پرندہ	گنجشک	گنجشک
پٹّک	لوا	گہانچ	ایک پرندہ
وہو	ایک پرندہ	کرگز	کرگس
چاگ۔چاغ	ایک کالا پرندہ	جھرَکی	گنجشک

کرم ولولک.....کیڑے مکوڑے

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
کِرم	کیڑا	لُولک	کیڑے، زہریلے کیڑے
مار	سانپ	سیاہ مار	اژدہا
زُوم۔زیم	بچھو	اژدیا	ناگ ناگن
گودرّ	بھڑ۔ڈیمبو	گوج	ایک قسم کا گرگٹ
روگن ریس	چھپکلی۔گرگٹ	ریژ گوک	نیولا
ہُردک	گلہری	مُشک	چوہا
مَسِسک مکسک	مکھی	مدگ	ٹڈی
تڈ	چھوٹی ٹڈی	وروک۔اوڈوہی	دیمک
مور	چیونٹی	مورینک	چیونٹی
سہر مور، کورو	سرخ چیونٹی، اندھی چیونٹی	موکو	مکڑی
ملائنک۔لاکوری، پرک	تتلی	بینگ مَسِسک	شہد کی مکھی

بینگ مسک۔کچکی مسک	سگ مکھی	مِسک	گوبر مکھی
چوٹو	گھوڑے کی مکھی	گوک رند۔کڑک	بھنورا۔گبریلا
پشگّ۔سُنٹی۔سینٹی	مچھر	ککل۔کارا	پسو
منگڑ	کھٹمل	بوڈ۔بوٹ	جوں
رشک	لیکھ	چمر۔چیچر جابا کو	چمگادڑ
شپ چر	چمگادڑ	ہورشک۔تل	شُھُچوندر
بلوکو۔چلال۔مشکڑی	چھوٹا ریت پر چلنے والا کیڑا	کنگ	جانوروں کا جوں کٹمل
گوتک۔کٹ۔کورال	چھپکلی	پُگٹ۔پگل۔ڈیڈر	مینڈک
کانسلونک	کچھوا	زراگ	جونک
گرّی کڈیل	ایک گرگٹ جو درختوں پر چڑھتا ہے	باگاڑ	پتھروں پر چڑھنے والا گرگٹ
باگیر۔گرمی	پر چڑھتا ہے	گری	چپکلی
پتنگ۔پرّک	پروانہ	آسک مِسک	بانسن مکھی
ڈگارکچ	جھانجھا	سُنڈ	ٹڈی کے بچے
سیل	ٹڈی دل	شپ چراگ۔ٹنڈی	جگنو
جمبرینک	ایک بڑا گھریلو چیونٹی	گوش گردن	کنکھجورا

کنڑ	سانڈہ	سُولک	کھجوراور گندم کا کرِم
سلور	بڑی چیونٹی	گژدم	کزدم
ناہن چین	کیکڑا	لوگ	آٹے کا کیڑا
چرتّ	جھینگر	کڑکّ	بھنورا
مژونگ	کپڑے کا کیڑا	پوست	کینچلی
کانٹ	موچھ جس سے کیڑے ٹٹولنے کا کام لیا جاتا ہے۔	ڈنگ	ڈنگ
پِرّک۔پرّونک	تتلی	تاتو	جھنگیر

پالتو جانوروں کی عمریں

اور متعلقہ باتیں

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
شَنِک	بکری کا بچہ۔لیلا	گوہ بر	تیز دوڑنے والا گھوڑا
گوُرگ	بھیڑ کا بچہ	ڈڈو	ٹٹو
پُرّاپ	اونٹ کا جوان/ مادہ بچہ	ڈھاگ	بیلوں کا گلہ
کمانٹ/کوانٹ	اونٹ کا نر جوان بچہ	گورّم	گائے بیلوں کا گلہ
دوپژم، مازات	دوسالہ اونٹ	پندر	خشک گائے
کُرّگ	گھوڑے، گدھے کا بچہ	گورپڑ۔زئے	بھیڑ کے بچوں کا ریوڑ
بہان	نوجوان گھوڑی	بگّ	اونٹوں کا گلہ
سر، سرل	نوجوان، گھوڑا یا گھوڑی	باہر	گدھوں کا گلہ
گوسک	گائے کا جوان بچھڑا	گٹّور	بھیڑ کا جوان بچھڑا
پلاٹ	بکری کا جوان نر بچہ	ترشتر	بکری کا جوان نر بچہ
گتاچ	بکری کا جوان مادہ بچہ	پاچن	بکرا
جُتّ	بوڑھا اُونٹ	گُرانڈ	نر دنبہ/مینڈا

جانوروں کی آوازیں

بلوچی	اُردو
مرگ چلاپلی کنت	چڑے چہچاتے ہیں۔
کلاگ کارکارکنت	کوا کائیں کرتا ہے۔
مرگ کڑکڑکنت/کُک کُک کنت۔	مرغی کُٹ کُٹ کرتی ہے۔
اسپ شِدیت/شِلشلیت	گھوڑا ہنہناتا ہے۔
حرسرّ یت	گدھا ہینگتا ہے۔
گوک گاریت	بیل دھاڑتا ہے/ڈکارتا ہے۔گائے ڈکارتی ہے
بز گگلّیت	بکری مماتی ہے۔لیلا مماتی ہے
پَس گارّیت	بھیڑ مماتی ہے
مزارگُرّیت/شیرنہرگ کنت/نہردیت	شیر گرجتا/دھاڑتا ہے۔
بُز پلینگنت۔	برّہ مماتی ہے۔
پُلنگ ہولائیت	چیتا چیختا ہے۔
گُرگ گورنت۔	بھیڑیا بولتا ہے۔
تولگ ہوالیت	گیدڑ بولتا ہے
کُچک وکّیت	کتا بھونکتا ہے
پشی میاؤں میاؤں کنت	بلی میاؤں کرتی ہے

کروس با نگ دنت۔	مرغا ککڑوں کوں کرتا ہے
مسسک ژونگیت	مکھیاں بھنبھناتی ہیں۔
چِرت ،چرِت چِرت کنت	جھینگر شور مچاتا ہے۔
کُٹی ولوولوکنت۔	پلّا ٹاؤں ٹاؤں کرتا ہے۔
ٹُپگٹ ٹرّ ٹرّ کنت۔	مینڈک ٹرّ اتا ہے۔
مرگ کڑ کڑ کنت	مرغی کُٹ کٹ کرتی ہے
چوکی چوں چوں کنت	چوزہ چوں چوں کرتا ہے۔
مار پفگ جنت	سانپ پھنکارتا ہے
گودرژانمب ژیمب کننت۔	بھڑ بھنبھناتی ہے۔
رچّ گُرّنت	ریچھ چنگھاڑتا ہے۔
اُشتر گورّیت۔	اُونٹ غُراتا ہے۔
گوج پفّگ جنت	گوہ عف عف کرتے ہیں۔
چُوکی پیسک پیسک کننت۔	چوزے چوں چوں کرتے ہیں۔

متفرق چیزوں کی آوازیں

گوات ءِ ہیژّگ اِنت	ہواں سائیں سائیں کررہی ہے
زمزیر ءِ شلّگگ اِنت	زنجیر کی کھنکھناہٹ ہے۔
چڑینگانی ژلنگ ژلنگ انت	گھنگھروؤں کی چھن چھن ہے
ڈھول ءِ ڈھیم ڈھیم انت	ڈھول کا ڈم ڈم ہے
تُرم ءِ توارانت	بگل کی صدا ہے
گھنٹی ءِ ٹلنگ ٹلنگ اِنت	گھنٹی کی جھنکار ہے
دروازگ ءِ چیسکک انت	دروازے کی چڑچڑاہٹ ہے
اسپانی دراکگ انت	گھوڑے کی ٹاپوں کی آواز ہے۔

فصلات اور کاشتکاری کی باتیں

بلوچی	اُردو	بلوچی	اُردو
کِشار	کاشت	ناڑ۔برک	سبز فصل کے کاٹنے کے بعد
پسل	فصل		اس جگہ چرایا جاتا ہے۔
ڈگار	کھیت۔زمین	بومال	مزارعانہ
لٹّ	پانی جمع کرنے کیلئے مٹی سے بنے دیوار	چکّل	پہاڑ کے دامن میں قدرتی چشمہ
بند	بند	چُوچک	جوار کی دوسری فصل جو پختگی تک نہیں پہنچتی
اسپنڈ	لٹھ	کُرت۔کُردہ۔ پیسی	کیاری
گورگ،واہ	زرعی پانی کی نالی	باگ	باغ
جو۔کَور جو	نالی۔نالہ	باگیچہ۔بکل	باغیچہ
کہن	کاریز	بوگری۔پتی	وہ قطعہ زمین جو کسی مزارع یا ملا کو مزارعانہ کے بغیر کاشت کے لئے دیا جائے
چمگ	چشمہ	چاہ دپ	کاریز کا کنواں

سیاہ آپ	مستقل بہتا پانی	بٹائی	اناج فصل کی تقسیم، مابین مالک ومزارع
